جواب: آپ کے جسم میں ۱۰۰ ٹریلین سے زائد جراثیم بیک وقت موجود ہوتے ہیں اور قدرت نے ان سوٹریلین سے زائد جراثوموں کو آپ کے جسمانی اعضا کی اور آپ کی قدرتی صحت کی حفاظت کے لئے لگا رکھا ہے۔ ان صحت مند جراثوموں کی افادیت بالآخر سائنس داں بھی سمجھنے لگے ہیں اسی لئے آپ کو آج کل اینٹی بایوٹکس لاتینی یعنی برعکس بائیوٹک یعنی زندگی یعنی برے جراثوموں کی زندگی ختم کردینے کی ادویات بجائے پریائیوٹیکسپر دیعنی زندگی کے ہمنوا یعنی قدرتی جراثوموں کی زندگی بچانے والی ادویات کا استعمال عام ہوتا جارہا ہے۔ یہ پروبایوٹک عناصر عام گھریلو اشیاء جیسا کہ دہی، لسی، کچھ خاص قسم کی پنیر سرکہ سے تیار شدہ سبزیوں کے اچار اور چاکلیٹ میں پائے جاتے ہیں اور یہ آپ کے قدرتی نظام کو خوب تگڑا کر کے رکھتے ہیں۔ بالخصوص جس کا ذکر ہم نے کیا ہے یہ غذائیں آپ کے معدہ میں موجود حفاظتی جراثیموں کے دوست ہوتے ہیں۔ اور آج آدھی سے زیادہ بیماریاں معدے سے ہی جنم لیتی ہیں تو کوشش کیجئے کہ ان اجزاء میں سے کچھ کی کچھ مقدار اپنے روزمرہ کے کھانوں میں ضرور شامل کرلیں تو خیر بات ہو رہی تھی ٹی بی کی تو یہ بات کیوں بیچ میں آگئی؟ وہ اس لئے کہ عام لوگ انفیکشن یا سوزش یا ورم اور علامتی بیماری یعنی مرض کا فرق نہیں سمجھتے۔ جب کہ اکثر بیماریاں بشمول ٹی بی کا مرض ان دونوں مراحل ان دونوں صورتوں میں رونما ہوتا ہے۔ لیٹنٹ انفیکشن وہ مرحلہ ہے جس میں جراثیم جس میں داخل ہوسکتے ہیں مگر بیماری کی علامتیں ابھی ظاہر نہیں ہوئی ہیں کیوں کہ مدافعتی نظام ان کے خلاف سرگرم عمل ہوگیا ہے اور اس مرحلے پر وہ جراثیموں پر بھاری ہے البتہ اگلے مرحلے میں جب مدافعتی قوتوں کی جراثوموں کے ساتھ لڑائی مزید شدت اختیار کرتی ہے تو اس سے ہونے والی خلیاتی نقصان یا کیمیکل خرابیاں بیماری کی علامت بن رکر سامنے آتی ہیں۔ ٹی بی علامات مخصوص بھی ہوسکتی ہیں اور عام بھی۔ مثلاً ٹی بی جسم کے کسی بھی حصے میں ہوسکتی ہے۔ دماغ، گردے، ریڑھ کی ہڈی اور رحم تک کو یہ جراثیم بیماری لگاسکتا ہے اور بغیر علاج کے مریض جان سے ہاتھ تک دھو بیٹھتا ہے۔ دماغ کی ٹی بی گردن توڑ بخار، جیسی لگتی ہے، ریڑھ کی ہڈی کی ٹی بی، کمر درد، رحم کی ٹی بی بانجھ پن یا ماہواری کے مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ گردوں یا آنتوں کی ٹی بی سے پیٹ درد، اور متاثرہ حصے کے مسائل بنتے ہیں مگر پھیپھڑوں کی ٹی بی سب سے عام ہے۔ پھیپھڑے متاثر ہونے کی صورت میں تین ہفتے تک مسلسل کھانسی آنا، اور بلغم کے ساتھ خون آنا تپ دق کی خاص علامتیں ہیں جب کہ وزن کم ہونا، راتوں کو پسینے آنا، کم حرارت کا لگا تار بخار رہنا، جسمانی تھکاوٹ خود کو بیمار محسوس کرتے رہنا۔ سب جسم میں ٹی بی کے جراثیم کی عام علامات ہیں۔ یہ کوئی ضروری نہیں کہ ٹی بی میں Tuberculinum دی جائے اور بھی بہت ساری علامتیں ہیں جن کی بنا پر ٹی بی کی دوا دی جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

گارڈن ریچ مندر چوری کیس میں پولس نے مجرم کو گرفتار کیا

کولکاتا 26 اپریل عوامی نیوز سروس۔ گارڈن ریچ پولس ٹیم نے مندر میں ہوئے چوری کے واقعات میں ملوث نہ صرف چور کو گرفتار کیا بلکہ چوری ہوئے سامان کو بھی برآمد کرلیا۔ پولس ذرائع سے ملی جانکاری کے مطابق گارڈن ریچ کے بنرجی بگان علاقے میں واقع ایک مندر میں گزرے روز چوری ہونے کا معاملہ سامنے آیا تھا جس کی رپورٹ درج ہوتے ہی مقامی تھانہ ٹیم نے تفتیش کا آغاز کردیا اور دوران جانچ انہیں پروبیر گھوش 21 سالہ ایک نوجوان کے تعلق سے آگاہی حاصل ہوئی جس پر کاروائی کرتے ہوئے اسے حراست میں لیا گیا اور پوچھ تاچھ کے دوران اس نے اپنے جرم کا اقرار کرتے ہوئے مندر سے چرائے ہوئے سامان کی برآمدگی کیلئے نشاندہی بھی کری۔

ابھیشیک کے نام پر لاکھوں روپئے وصولنے کے الزام میں شطرنج کا فرضی کھلاڑی گرفتار

بنگاؤں، 26 اپریل: ابھیشیک بنرجی کے نام پر رقم وصولنے کا الزام ایک شطرنج کے فرضی کھلاڑی پر عائد ہوا ہے جس کو پولس نے گرفتار کرلیا ہے۔ اتنا ہی نہیں اس شخص پر یہ بھی الزام ہے کہ اس نے علاقے میں قومی سطح کے شطرنج کھلاڑی کے طور پر اپنی پہچان بنائی تھی۔ گرفتار شخص کا نام پرکاش رائے ہے۔ یہ سنسنی خیز واقعہ شمالی 24 پرگنہ کے باگدا میں پیش آیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ نوجوان کا گھر تھانہ ہابڑہ کے علاقے اکرم پور میں ہے۔ کئی ماہ قبل یہ شخص باگدا کے علاقے میں گیا اور اپنا تعارف قومی سطح کے شطرنج کے کھلاڑی کے طور پر کرایا۔ اتنا ہی نہیں اس نے یہ بھی بتایا کہ ترنمول کانگریس کے آل انڈیا جنرل سکریٹری ابھیشیک بنرجی نے انہیں وہاں بھیجا ہے۔ اس نے لوگوں سے مالی امداد کے لیے درخواستیں بھی کیں۔ اس سلسلے میں ترنمول کے دیگر لیڈروں کے ساتھ علاقے کے بی ڈی او سے رقم مانگی گئی۔ وہ ابھیشیک بنرجی کا جاننے والا ہے، اس لیے شروع میں کسی نے اس پر شک نہیں کیا۔ بتایا جاتا ہے کہ بی ڈی او اور دیگر نے بھی مالی امداد فراہم کی۔ الزام ہے کہ پچھلے کچھ مہینوں میں تقریباً پانچ سے چھ لاکھ روپے اس نے وصول کرلیا۔ لیکن کافی عرصے سے اس رقم کو وصولنے کے واقعہ میں ترنمول لیڈروں کو کچھ شکوک وشبہات پیدا ہوا۔

رانی گنج میں موم بتی ریلی، کشمیر حملے کی مذمت

رانی گنج، 26 اپریل: کشمیر میں حالیہ دہشت گردانہ حملے کے خلاف رانی گنج میں ایک موم بتی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کا آغاز مزار شریف سے ہوا اور حسینہ موڑ، راجہ بندھ بازار ہوتے ہوئے اتواری موڑ پر اختتام پذیر ہوئی۔ آسنسول عدالت کے وکیل قیصر جمال صدیقی سمیت رانی گنج کے درجنوں شہریوں نے اس ریلی میں شرکت کی۔

شرکاء نے ہاتھوں میں موم بتیاں تھامے دہشت گردی کے خلاف یکجہتی اور اتحاد کا مظاہرہ کیا۔

اس موقع پر وکیل قیصر جمال صدیقی نے کہا، "کشمیر میں 26 بے گناہ سیاحوں کا قتل افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ یہ حملہ پاکستان کی سرپرستی میں انجام دیا گیا ہے، جس سے ایک بار پھر ہماری اندرونی یکجہتی کی اہمیت اجاگر ہوئی ہے۔"

انہوں نے مزید کہا، "پاکستان اور دہشت گرد تنظیمیں ملک میں مذہبی ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہی ہیں، لیکن ہمیں متحد ہو کر ان کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانا ہوگا۔"

آسنسول میونسپل کارپوریشن کے زیر اہتمام ڈینگی سے بچاؤ کیلئے رانی گنج میں تربیتی کیمپ
صحت کارکنان کو ڈینگو کی روک تھام اور احتیاطی تدابیر سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی

رانی گنج 26: اپریل: آج آسنسول میونسپل کارپوریشن کے زیر اہتمام رانی گنج پبلک لائبریری، سوتی گوڑیا میں ڈینگو سے بچاؤ کے لیے ایک تربیتی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں بورو چیئرمین مزمل حسین شہزادہ، صحت انچارج بدھدیب نندی، اور معروف معالج ڈاکٹر دیپک کمار بنرجی اور بورو 2 کے انجینئر سنجیب کمار نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ کیمپ کے دوران صحت کارکنان کو ڈینگو وائرس کی علامات، بیماری کی منتقلی کے ذرائع، اور اس سے بچاؤ کے مؤثر طریقوں پر تفصیلی تربیت دی گئی۔ صحت کارکنان کو بتایا گیا کہ ڈینگو سے بچاؤ کے لیے صاف صفائی کا خیال رکھنا، پانی کے ذخائر کو ڈھانپ کر رکھنا اور عوام میں شعور بیدار کرنا نہایت ضروری ہے۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے بورو چیئرمین مزمل حسین شہزادہ نے کہا "ڈینگو پر قابو پانے کے لیے عوامی شمولیت اور صحت کارکنان کی تربیت وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آسنسول میونسپل کارپوریشن عوامی صحت کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گی۔" صحت انچارج بدھادیب نندی نے کہا کہ گھروں اور آس پاس کے علاقوں میں پانی جمع نہ ہونے دینا ڈینگو کی روک تھام کا سب سے مؤثر طریقہ ہے۔ آخر میں ڈاکٹر دیپک کمار بنرجی نے صحت کارکنان پر زور دیا کہ وہ گھروں گھر جا کر عوام کو ڈینگو سے بچاؤ کے اقدامات سے آگاہ کریں اور کسی بھی مشتبہ کیس کی فوری اطلاع متعلقہ محکمے کو دیں۔ پروگرام کے اختتام پر تربیتی مواد بھی تقسیم کیا گیا تاکہ کارکنان اپنی ذمہ داریوں کو مزید مؤثر انداز میں ادا کرسکیں۔

"تالتلہ خانقاہ شریف میں عرس مبارک"

کلکتہ کی تاریخی مسجد خانقاہ قادریہ (تالتلہ) میں حضرت سید شاہ مرشد علی القادری المعروف "مولا پاک" کا سالانہ عرس مبارک 27 شوال المکرم مطابق 25 اپریل 2025 جمعہ کی شام روایتی شان وشوکت کے ساتھ منعقد ہوا۔ عرس کے موقعے پر سلسلہ قادریہ کے مرکز 4 نمبر حاجی محمد محسن اسکوائر کلکتہ میں مریدوں اور عقیدت مندوں کا ایک جم غفیر دیکھا گیا۔ محفل عرس کا آغاز مسجد خانقاہ قادریہ میں بعد از نماز مغرب میلاد غوثیہ سے ہوا۔ بعد از نماز عشاء دیگر علماء دین کی موجودگی میں محفل وعظ منعقد ہوا جن میں لوگوں کو مالا پاک کی حیات وخدمات سے آگاہ کیا گیا۔ مولا پاک سید شاہ مرشد علی القادری البغدادی 19 ویں صدی میں سلسلہ قادریہ کے روح رواں اور اعلیٰ پایہ کے صوفی بزرگ تھے۔ آپ غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے پشت سے سید نجیب الطرفین تھے۔ سلسلہ قادریہ کے موجودہ سجادہ نشین وسرپرست اعلیٰ حضرت سید شاہ یعسوب علی القادری البغدادی کی سرپرستی میں عرس پاک کے تمام انتظامات انجام پذیر ہوئے۔ ازطرف:—— ڈاکٹر غلام سیدین خان

صفحہ اول کا بقیہ

بقیہ: ایران میں بندر عباس

مذاکرات میں مثبت پیشرفت جاری ہے، ایران کا خیر خواہ ہوں، ایران کے اربوں ڈالر بچانے کی کوشش کر رہا ہوں، ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری کا مالی حجم بہت بڑا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے لئے مشکل ہوگا، ہم ایران کے ساتھ ڈیل کرنا چاہتے ہیں، جوہری اثاثے خطرناک عمل ہے۔

بقیہ: پہلگام پر حملہ

خلاف سڑکوں پر نکل آئے۔ ان کا کہنا ہے کہ بے گناہ لوگوں کا قتل عام بند ہونا چاہیے۔ اس دوران اس احتجاج کے دوران ایک بزرگ کو جذباتی ہوتے دیکھا گیا۔ بزرگ نے کہا، 'پہلگام حملے کے بعد ہمارا دل ٹوٹ رہا ہے۔ ہم اپنی روزی روٹی کے لیے نہیں انسانیت کے لیے رو رہے ہیں۔ وہ ہمارے مہمان تھے۔ اللہ نے ہمیں ایک دوسرے کی مدد کے لیے پیدا کیا ہے۔ وہ ویڈیو دیکھ کر دل روتا ہے، وہ لڑکی جس کی چھ دن پہلے شادی ہوئی تھی اور اپنے شوہر کی لاش کے پاس بیٹھی رو رہی تھی۔ ہم اس بیٹی کو بتانا چاہتے ہیں کہ ہم نے تمہارے ماں باپ سے زیادہ افسردہ ہیں۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اس بیٹی کے شوہر کی روح کو سکون ملے اور سب کو صبر جمیل عطا فرمائے۔' ساتھ ہی ایک نوجوان نے کہا کہ پہلگام کا یہ حملہ کشمیریت پر حملہ ہے اور جنہوں نے یہ حملہ کیا ہے انہیں سر عام پھانسی دی جانی چاہئے۔ ہم اس حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ ہم کشمیر میں امن چاہتے ہیں۔ بے گناہوں کو بے دردی سے قتل کرنے والے دہشت گردوں کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے۔ نوجوانوں نے کہا کہ نماز کے بعد ہم پہلگام حملے کے خلاف احتجاج کرنے سڑکوں پر ہیں۔ بے گناہ لوگوں کا قتل عام بند ہونا چاہیے۔ یہ روزی روٹی کا نہیں انسانیت کا سوال ہے۔ جن لوگوں نے یہ کیا ہے انہیں ہرگز بخشا نہیں جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ہندوستان کے لوگ ہیں اور انصاف چاہتے ہیں۔

بقیہ: پاکستان اور ہندوستان

وزیر اعظم شہباز شریف یا نریندر مودی سے بات کریں گے تو ڈونلڈ ٹرمپ نے جواب دیا کہ میں ہندوستان کے بھی بہت قریب ہوں اور پاکستان کے بھی بہت قریب ہوں، مزید کہنا تھا کہ کشمیر کا تنازع ہزار سال سے جاری ہے، شاید اس سے بھی زیادہ عرصے سے۔ گزشتہ روز ایک بریفنگ میں امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس نے بھی جنوبی ایشیا میں پیدا ہونے والے بحران پر بات کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ ایک تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال ہے اور ہم اس پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں، ہم فی الحال کشمیر کی حیثیت پر کوئی موقف اختیار نہیں کر رہے۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے بھی پاکستان اور ہندوستان سے 'زیادہ سے زیادہ تحمل' کا مظاہرہ کرنے کی اپیل کی تھی۔ ان کے ترجمان اسٹیفان دوجارک نے جمعرات کو نیویارک میں صحافیوں کو بتایا تھا کہ 'سکریٹری جنرل اس صورتحال پر بہت قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں اور اس پر بہت زیادہ تشویش رکھتے ہیں۔' انہوں نے مزید کہا تھا کہ ہم دونوں حکومتوں سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کریں، اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہم نے جو پیش رفت دیکھی ہے وہ مزید خراب نہ ہو۔ ایک سوال کے جواب میں، ترجمان نے کہا تھا کہ اقوام متحدہ کے سربراہ نے ہندوستان اور پاکستان کی قیادت سے براہ راست کوئی رابطہ نہیں کیا ہے۔ واضح رہے کہ ہندوستان نے کشمیر کے مسلم اکثریتی علاقے پہلگام میں 22 اپریل کو 26 سیاحوں کی ہلاکت کے بعد 23 اپریل کو سندھ طاس معاہدہ فوری طور پر معطل کرنے کا اعلان کیا تھا اور پاکستانی شہریوں کو 48 گھنٹے میں ہندوستان چھوڑنے کا حکم دیا تھا۔

بقیہ: ہریانہ کے نوح میں

ملازمین کو زوردار ٹکر ماردی، جس سے 6 لوگوں کی موقع پر ہی موت ہوگئی جبکہ کئی افراد شدید طور پر زخمی ہوگئے جنہیں قریب کے اسپتال میں داخل کرایا گیا جہاں ان کی حالت نازک بنی ہوئی ہے۔ حادثے کے بعد جائے واقعہ پر چیخ وپکار مچ گئی۔ مقامی لوگوں نے فوراً پولیس کو اطلاع دی اور زخمیوں کو اسپتال پہنچانے میں مدد کی۔ دیکھتے ہی دیکھتے سڑک پر بھاری بھیڑ جمع ہوگئی۔ ایمبولنس، روڈ سیفٹی ایجنسی کی گاڑی اور پولیس ٹیمیں موقع پر پہنچیں۔ حادثے کی ہولناکی ایسی تھی کہ آس پاس کے لوگوں کی روح کانپ اٹھی۔ کئی لاشوں کے ٹکڑے ہوچکے تھے۔ پولیس کے مطابق مہلوکین کی شناخت ابھی تک نہیں ہو پائی ہے۔ حادثے کی وجوہات کی جانچ چل رہی ہے اور پک اپ گاڑی کے خلاف کارروائی شروع کردی گئی ہے۔ پولیس کی طرف سے بتایا گیا ہے کہ سی سی ٹی وی فوٹیج اور دیگر ثبوت کی مدد سے حادثے کے پورے حالات کا پتہ لگایا جائے گا۔ حادثہ کی خبر سوشل میڈیا پر بھی تیزی سے پھیل گئی ہے۔ لوگ اس حادثے پر گہرے صدمے کا اظہار کرتے ہوئے مہلوکین کے تئیں تعزیت کر رہے ہیں۔ کئی یوزرس نے سڑک تحفظ اور تیز رفتار گاڑیوں پر قابو پانے کا مطالبہ کیا ہے۔ یہ حادثہ دہلی-ممبئی ایکسپریس وے پر ہونے والے حادثوں کی کڑی میں ایک اور افسوسناک واقعہ ہے. اس سے پہلے بھی اس ایکسپریس وے پر کئی بار گھنٹے کھرے، تیز رفتار اور لاپرواہی کی وجہ سے حادثے ہوچکے ہیں۔ اس واقعہ نے ایک بار پھر سڑک تحفظ اور ایکسپریس وے پر کام کر رہے ملازمین کے تحفظ کے نظام پر سوال کھڑے کردیئے ہیں۔ انتظامیہ نے حادثے کے بعد ایکسپریس وے پر ٹریفک کو کنٹرول کیا اور جائے حادثہ کو خالی کرایا۔ زخمیوں کے علاج اور مہلوکین کے بارے میں ان کے اہل خانہ کو مطلع کرنے کا عمل جاری ہے۔

بقیہ: اسرائیلی فوج کے

غزہ میں 7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی جارحیت کو اتنا وقت گزر جانے کے باوجود صیہونی فوج کی جانب سے معصوم اور نہتے فلسطینیوں پر جارحیت کا سلسلہ جاری ہے۔ دوسری جانب غزہ میں جبری انخلا کا سلسلہ بھی جاری ہے، اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی برائے فلسطینی پناہ گزین انروا کے مطابق اسرائیلی فوج کے جبری انخلا نے فلسطینیوں کو غزہ کے ایک تہائی سے بھی کم حصے تک محدود کردیا ہے۔ ادھر اسرائیل کے غزہ میں بھی حملے جاری ہیں جس کے نتیجے میں مزید 78 فلسطینی شہید اور 168 زخمی ہوگئے۔ مزید برآں عالمی فوجداری عدالت نے اسرائیلی وزیر اعظم اور سابق وزیر دفاع کی گرفتاری کے احکامات معطل کرنے کی درخواست مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیتن یاہو اور گیلانٹ اشتہاری ہیں لہٰذا درخواست قبول نہیں ہوسکتی۔

وقف ترمیمی قانون کے خلاف احتجاج جاری

مفتی ثناء الھدیٰ قاسمی کی قیادت میں وقف بل کے خلاف احتجاج میں شہر اور گاؤں سے نکل کر لوگوں کی شرکت

مظفر پور (اے این پی) وقف ترمیمی بل کے خلاف وقف بچاؤ آئین بچاؤ مشترکہ مورچہ کے بینر تلے ایک بڑا خاموش جلوس آج مظفر پور کے جیل چوک، چندوارہ، پکی سرائے، بنارس بینک چوک، دامودر پور، برہم پورہ، جورن چھپڑا، ماڑی پور، بھگوان پور، چک عبدالواحد، مٹھن پورہ، سعد پورہ، دیھرن پٹی، گوشالہ، رام باغ، چک باسو، مہراجی پوکھر، سرائے سید علی، اسپیکر چوک، پنکھا ٹولی، بھل خانہ روڈ م، اسلام پور، اور تلک میدان روڈ کے ساتھ ہی کئی دوسرے محلوں اور گاؤں سے جلوس نکالا گیا۔ م جو شہر کے مختلف حصوں، سڑکوں، گلی کوچوں اور چوک چوراہوں سے ہوتے ہوئے مظفر پور کلب پہنچا۔ یہ باتیں اس پروگرام کے بڑے اہم ذمہ دار، تنظیم امارت شریعہ مظفر پور کے جنرل سکریٹری و راجد کے شہری حلقہ کے صدر جناب شاہد اقبال منا نے ایک پریس ریلیز جاری کر بتایا۔ جناب منا نے یہ بھی بتایا کہ اس جلوس اور اس پروگرام کا اہتمام مظفر پور ملت کمیٹی نے کیا تھا۔ جلوس میں لوگوں کا اژدھام تھا۔ سب کے ہاتھوں میں وقف ترمیمی بل کی مخالفت والی تختیوں کے ساتھ ہی کشمیر میں ہوئے دہشت گردانہ حملہ کے مجرموں کو سزا دینے کی مانگ والی تختیاں بھی تھیں۔ تختیوں پہلے سلوگن میں ایک یہ بھی تھا" خاموشی کی پکار، انصاف کی مانگ، پہلگام کے زخموں کو نہ بھولے گا ہندوستان، وہیں دوسرا کافی اہمیت کا حامل ایک سلوگن جو لوگوں کی نگاہوں میں چڑھ رہا تھا وہ تھا" مظفر پور کی پکار وقف قانون بے کار وغیرہ۔ جلوس کی قیادت امارت شریعہ بہار اڑیسہ وجھارکھنڈ کے نائب ناظم مفتی ثناء الھدیٰ قاسمی نے کی۔ اہم شرکاء میں مہتمم جامع العلوم مظفر پور مولانا آل حسن، مولانا اقبال صاحب، مفتی مطیع الرحمن، مولانا اسعد یاور، ڈاکٹر محمود الحسن، پروفیسر فاروق احمد صدیقی، سابق ڈپٹی میئر سید ماجد حسین، تنظیم امارت شریعہ مظفر کے صدر محمد شعیب، وارڈ پارشد، محمد سجاد، منور قریشی، اقبال قریشی، محمد چاند، سماجی خدمتگار سکندر خان، بشیر سردار، محمد آفتاب، ظفر ربانی، سورج کمار سنگھ، محمد فہد، شبیر انصاری، وسیم احمد منا، شبر حسن، شاہ نواز حسین، نوشاد، منور اعظم، جاوید احمد گڈو، رنجیت رجک، رام نریش رام، راجو نیئر، محمد افروز، محمد آفتاب عالم، محمد شیفل، محمد پرنس منصوری، محمد زبیر عالم، اندو انصاری وغیرہ کے نام شامل ہیں۔

وزیر نے وین بلاک میں مختلف پنچایتوں میں 11 اسکیموں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا

بہار شریف (مرشد دسنوی) شرون کمار وزیر، دیہی ترقیات محکمہ، بہار نے اپنے حلقہ انتخابی کے بلاک بین میں کئی پنچایت کمیٹی کی سفارش کردہ پنچایتوں کے کئی گاؤں میں کئی اسکیموں کا سنگ بنیاد/ افتتاح کیا۔ گروشرن پور گاؤں کے مہادلیت ٹولہ میں نالے اور پی سی سی کاسٹنگ کا افتتاح۔ 10 لاکھ 40 ہزار روپے کی لاگت سے گاؤں گروشرن پور ہائی اسکول کے شمال اور مغربی جانب سے جنوب کی طرف باؤنڈری وال کا افتتاح، 24 لاکھ 52 ہزار 767، گاؤں گروشرن پور میں پچ روڈ سے شمالی اشوک چودھری کے کھیت تک مٹی بھرنے اور اینٹوں کے فرش کا افتتاح۔ 9 لاکھ 12 ہزار 500 گاؤں مخدوم پور میں 50 لاکھ روپے کی لاگت سے W.P.U کا افتتاح۔ 7 لاکھ 50 ہزار روپے کی لاگت سے گاؤں مخدوم پور میں دکھن مانجھی کے گھر سے ڈاک بابا تک مٹی بھرنے اور اینٹوں کے فرش کا افتتاح۔ 9 لاکھ 15 ہزار گاؤں کرپا گنج میں رنجیت سنگھ کے گھر سے جنوبی ٹولہ سڑک تک اینٹوں کے فرش اور پی سی سی کاسٹنگ کا افتتاح۔ 9 لاکھ 15 ہزار روپے کی لاگت سے گاؤں مرگاؤ میں سنیل سنگھ کے گھر سے شمالی اٹل سنگھ تک اینٹوں کے فرش اور پی سی سی کاسٹنگ کا افتتاح۔ 9 لاکھ 88 ہزار 200 روپے کی لاگت سے منریگا اسکیم کے تحت گاؤں مرگاوا میں مہادیو مندر کے قریب مٹی بھرنے اور ان کے گھر تک پی سی سی ڈالنے کا افتتاح، مٹی بھرنے اور پیور بلاک سولنگ کا افتتاح۔ 2 لاکھ 86 ہزار روپے کی لاگت سے منریگا اسکیم کے تحت گاؤں مرگاوا میں کمل سنگھ کے گھر سے شیو شنکر سنگھ کے گھر تک مٹی اور اینٹوں کی سولنگ اور P.C.C کاسٹنگ کا افتتاح۔ 8 لاکھ 56 ہزار 500 روپے اور اسکیم کے سربراہ کی سفارش پر کل رقم 91 لاکھ 15 ہزار، سریندر راجک کے گھر سے کرپا گنج گاؤں میں ششی سنگھ کے گھر تک اینٹوں کی سولنگ اور پی سی سی کاسٹنگ کا افتتاح۔ 9 لاکھ 89 ہزار 800 روپے کی لاگت سے گاؤں کرپا گنج میں دھرمیندر سنگھ کے گھر سے دیویندر سنگھ کے گھر تک مٹی بھرنے اور اینٹوں کی سولنگ کا افتتاح۔ اس موقع پر منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ بہار میں وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی حکومت شہر جیسی سہولیات فراہم کر رہی ہے جیسے بجلی، سڑکیں، صحت اور پانی کی اچھی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ دیہی علاقوں کے باشندوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ آج کے دور میں بہار کے دیہی آبادی بھی شہروں میں رہنے والوں کی طرح اپنی زندگی گزار رہے ہیں اور معاشی طور پر ترقی یافتہ ہو کر اپنی زندگی خوشی سے گزار رہے ہیں بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار کے کام کی سبب لوگ غربت کی لکیر سے باہر جا کر ریاست اور ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔ اس موقع پر پارٹی کارکنان اور دیہی ابادی کی کثیر تعداد موجود تھی۔

بائک سوار بدمعاشوں نے آٹو سے باہر نکال کر دودھ تاجر کو گولی ماری

بہار شریف (اے این پی) نالندہ میں نڈر مجرموں نے دن کی روشنی میں گاڑی سے باہر نکالنے کے بعد سڑک کے بیچوں بیچ دودھ کے تاجر کو گولی مار کر پولیس کو چیلنج کیا اور وہاں سے موٹر سائیکل پر فرار ہو گئے۔ یہ واقعہ وزیر اعلیٰ نتیش کمار کا ہوم بلاک ہرنوت تھانہ علاقے کے نیو بائی پاس پر پورے گاؤں کے قریب پیش آیا۔ موٹر سائیکل سوار مجرموں نے دن دیہاڑے ایک بوڑھے کو تین بار گولی مار دی۔ واقعہ کے بارے میں زخمی شخص سبودھ یادو کے داماد نے بتایا کہ مدھوسودن یادو اپنے گاؤں گھوڑہڑی سے ایک ٹیمپو میں اپنے بیٹے اور پوتے سے ہرنوت بازار میں ملنے اور دودھ پہنچانے آرہا تھا۔ اسی سلسلے میں موٹر سائیکل سوار مجرموں نے پورے گاؤں کے قریب ٹیمپو کا پیچھا کیا اور ٹیمپو کے سامنے بیٹھے معمر شخص پر تین گولیاں ماریں۔ وہ اپنے بیٹے جو بھوسے کا کاروبار کرتا ہے سے ملنے ہرنوت روزانہ آتا تھا۔ ملزمان ایک ہی گاؤں کے دو نوجوان بتائے جاتے ہیں۔ گولی لگنے سے معمر شخص شدید زخمی ہو گیا۔ مقامی لوگوں کی مدد سے ان کی نازک حالت کو دیکھتے ہوئے کلیان بگھا ریفرل ہسپتال میں ابتدائی طبی امداد کے بعد علاج کے لیے فوری طور پر پٹنہ ریفر کر دیا گیا۔ دن دیہاڑے ہونے والی اس فائرنگ سے مقامی لوگ کافی خوفزدہ ہیں۔ وہیں اس واقعہ کے پیچھے گاؤں میں آپسی جھگڑے کی بات کہی جا رہی ہے۔ تاہم وجہ ابھی واضح نہیں ہے۔ اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچی پولیس نے جائے وقوعہ سے خول بھی برآمد کر لیا ہے۔ اس موقع پر بہار شریف صدر کے ڈی ایس پی 2 سنجے کمار جیسوال کے ساتھ دو تھانوں کی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ایف ایس ایل ٹیم کو تحقیقات کے لیے بلایا ہے اور معاملے کی تحقیقات میں مصروف ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چنڈی ہرنوت گاؤں کے پوری گاؤں کے قریب بائک پر سوار دو نامعلوم بدمعاشوں نے چنڈی تھانہ علاقہ کے گھوڑاڑی کے رہنے والے کو گولی مار دی۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی اسٹیشن انچارج نے تصدیق کی کہ چنڈی تھانہ علاقہ کا رہائشی مدھوسودن کمار آٹو کے ذریعہ ہرنوت آ رہا تھا کہ اسے تین گولیاں لگیں۔ زخمی کو جانچ کے لیے پٹنہ ریفر کر دیا گیا ہے۔

اوپیندر کشواہا نے آر ایل ایم کے غور وخوض کے لیے سیاسی کیمپ کا افتتاح کیا

والمیکی نگر (اے این پی) راشٹریہ لوک مورچہ (آر ایل ایم او) کے قومی صدر اور راجیہ سبھا ممبر پارلیمنٹ اوپیندر کشواہا نے جھنڈا لہرا کر پارٹی کے غور وخوض کے لیے تین روزہ سیاسی کیمپ کا افتتاح کیا۔ پارٹی کے قومی، ریاستی اور ضلعی صدور سمیت تقریباً 300 نمائندے اس کیمپ میں حصہ لے رہے ہیں۔ پروگرام کا آغاز کیمپ کے افتتاحی اجلاس سے ہوا جو 26 اپریل سے 28 اپریل تک مغربی چمپارن ضلع کے والمیکی نگر میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ اجلاس کا آغاز قومی ترانے اور چراغ روشن کیے جانے کے ساتھ ہوا اور پہلگام دہشت گردانہ حملے میں جاں بحق ہونے والوں کی روح کی تسکین کے لیے دو منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ اس کے بعد اجلاس متفقہ طور پر یہ قرارداد منظور کی گئی کہ یہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کرتی ہے۔ راشٹریہ لوک مورچہ پریوار حکومت ہند کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے۔ مسٹر کشواہا نے آج کیمپ میں پارٹی کے قومی عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ بھی کی۔ اس کے بعد جناب کشواہا نے افتتاحی اجلاس سے خطاب کیا اور کیمپ سے متعلق پارٹی کے مقصد پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ ان تین دنوں کے دوران ہونے والے غور وخوض کے بعد پارٹی کو مستقبل کے سیاسی فیصلوں کو سمت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس کیمپ میں آنے والے اسمبلی انتخابات کے موضوع کے علاوہ پارٹی کے اہم مسائل جیسے کہ اعلیٰ عدالتی نظام کو جمہوری بنانے (کالجیم نظام کا خاتمہ)، تعلیمی اصلاحات، ذات پر مبنی مردم شماری، آبادی کی بنیاد پر حد بندی اور علاقے کو لاکزی بنانا، پٹنہ کا نام بدل کر پاٹلی پتر رکھنا، ساوتری بائی پھولے کے یوم پیدائش پر خواتین کی تعلیم کا اہتمام کرنا، سمراٹ اشوک کے یوم پیدائش پر بہار کی طرح پورے ملک میں تعطیل کا اعلان کرنا، بہٹا کے ہوائی اڈے کا نام بھارت رتن جن نائک کرپوری ٹھاکر کے نام پر رکھنا، بہار میں کسانوں اور نوجوانوں کے مفاد میں زرعی پیداوار پر مبنی صنعتوں کا قیام، جس سے نقل مکانی کا مسئلہ رکے گا اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ بہار میں سیاحت کے شعبہ کو فروغ دیکر روزگار کے مواقع پیدا کرنے کا کام، بودھ گیا مندر ایکٹ میں ترمیم کرنا، سیتامڑھی میں بننے والے میڈیکل کالج کا نام امر شہید رام پھل منڈل کے نام پر رکھنا وغیرہ موضوعات پر بات کرنے کی ضرورت ہے۔ پارٹی کے ترجمان نتن بھارتی نے کہا کہ اس سیاسی کیمپ میں پارٹی کے تمام قومی عہدیداران، انچارج ریاستی صدر، نائب صدر، جنرل سکریٹری، سکریٹری، ترجمان، پارٹی کے تمام سیل کے ریاستی صدور اور تمام اضلاع کی پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے ضلعی صدور بھی حصہ لے رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آج میٹنگ میں مسٹر کشواہا کی زندگی اور جدوجہد پر مبنی ایک دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔

پہلگام حملے کے شہیدوں کے خراج عقیدت میں انڈیا الائنس کا کینڈل مارچ

چھپرہ (اے این پی) جموں وکشمیر کے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے شہیدوں کی یاد میں انڈیا اتحاد کی طرف سے شہر میں ایک کینڈل مارچ نکالا گیا۔ مارچ نگر پالیکا چوک سے شروع ہو کر تھانہ چوک سے ہوتا ہوا میونسپل چوک پر اختتام پذیر ہوا۔ وہاں دو منٹ کی خاموشی اختیار کر کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ مارچ کی قیادت ایم ایل اے ڈاکٹر ستیندر یادو نے کی جبکہ آر جے ڈی ترجمان ڈاکٹر امیت رنجن، فیصل انور، ساغر نوشیرواں، کانگریس ضلع صدر بچو پرساد بیرو، سی پی آئی ضلع سکریٹری رام بابو سنگھ، ڈاکٹر کامیشور پرساد سنگھ، ڈاکٹر شنکر چودھری، سی اے امیت کمار، وریندر شاہ، للن کمار سنگھ، فیروز اقبال، دیپک شرما، منوج کمار، اعجاز احمد، نند کشور شرما، سریش یادو، ملک یادیو اور روہت جیسوال وغیرہ خاص طور پر شامل تھے۔ مقررین نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات قوم کی روح کو ہلا کر رکھ دیتے ہیں۔ یہ حکومت کی ناکامی کی علامت ہے۔ اس امن مارچ نے نہ صرف شہر کے باشندوں کو متحد کیا بلکہ یہ پیغام بھی دیا کہ ہندوستانی دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں۔

جن سوراج کی میٹنگ میں مختلف امور پر تبادلہ خیال

چھپرہ (اے این پی) پارٹی کارکنوں کا ایک اجلاس جن سوراج ضلع دفتر میں ضلع صدر بچہ رائے کی صدارت میں منعقد ہوا۔ میٹنگ خاص طور پر 27 اپریل کو مانجھی بلاک کی انول پنچایت میں ریاستی صدر منوج بھارتی کی آمد کی تیاریوں کے ساتھ پارٹی کی ہدایت پر 28 اپریل سے سات مئی تک بلاک سطح کی ورکرس کانفرنس کے انعقاد کے وحکومت کی ناکامی پر بلاک دفتر میں ایک روزہ دھرنا مظاہرہ اور 11 مئی کے درمیان عوامی دستخط مہم کے طور پر چلائے جانے کے بارے میں غور وخوض کیا گیا۔ کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے جن سوراج کے سینئر ریاستی لیڈر روائی وی گری نے کہا کہ بہار میں تبدیلی کے لیے عوام کی بھرپور حمایت مل رہی ہے۔ عوام کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے پارٹی کے ذریعے چلائے جانے والے پروگراموں کو منظم انداز میں نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔ موقع پر ضلع انچارج ارمیلا سنگھ، ضلع جنرل سکریٹری شرون مہتو، چیف ترجمان کلدیپ مہاسیٹھ، ضلع خواتین صدر اپیتا سہنی، ضلع یوتھ صدر کمار شیوم، سینئر لیڈر کنہیا سنگھ، رام پوکار مہتا، پریہ رجن سنگھ یوراج، راجیو چودھری، ادے شنکر سنگھ، آرتی سہنی، نوتن شرما اور دیگر کارکنان موجود تھے۔

نل کے جل سے متعلق کسی بھی معاملے کیلئے ٹول فری نمبر پر شکایت کر سکتے ہیں

بہار شریف (اے این پی) ہر گھر نال کا جل اسکیم کے تحت محکمہ پی ایچ ای ڈی کی طرف سے ضلع بھر کے 100 فیصد گھروں کو پینے کا صاف پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔ شہری پانی کی فراہمی سے متعلق کسی بھی مسئلے کی شکایت ٹول فری نمبر، واٹس ایپ اور موبائل ایپ کے ذریعے کر سکیں گے۔ اس کے علاوہ پی ایچ ای ڈی بہار ایپ ڈاؤن لوڈ کر کے بھی شکایات درج کرائی جا سکتی ہیں۔ شہری پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی خرابی، پانی کی قلت یا دیگر مسائل کے بارے میں ان نمبرز پر معلومات دے سکتے ہیں۔ ویڈیو یا تصویر بھیج کر بھی مسئلہ کی اطلاع دی جا سکتی ہے، تاکہ فوری کارروائی کی جا سکے۔ ایوری ہوم ٹیپ واٹر اسکیم کا مقصد ضلع کے ہر گھر کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنا ہے۔ اس کے تحت دیہی اور شہری علاقوں میں نل کے رابطوں کو وسعت دی گئی ہے۔ اب شکایات کے ازالے کے لیے نئی سہولتیں شروع کی گئی ہیں، تاکہ لوگوں کو بہتر سروس مل سکے۔ ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای ڈی نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پینے کے پانی کی فراہمی میں کسی بھی قسم کی پریشانی کی صورت میں فوری طور پر ان نمبرز پر رابطہ کریں، تاکہ اس مسئلہ کو جلد از جلد حل کیا جا سکے۔ ہر گھر نال کا جل اسکیم سے متعلق کسی بھی قسم کی شکایت کے اندراج کے لیے ہیلپ لائن نمبر/ٹول فری نمبر: 18001231121، 18003451121 WhatsApp 155367 SMS/:8544429024- آپ-8544429082 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

داناپور راجگیر مسافر ٹرین میں مارپیٹ میں 3 زخمی

بہار شریف (مرشد دسنوی) دان پور راجگیر پینجر ٹرین میں وینا اور رہوئی کے درمیان جمعہ کی رات تقریباً ساڑھے نو بجے اس نے مسافروں کے ساتھ مارپیٹ کی اور ان کا سامان لے کر فرار ہو گئے۔ اس واقعہ میں ایک ہی خاندان کے تین افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں روہت کمار، رنکو دیوی اور انشو کمار شامل ہیں۔ تمام زخمیوں کو پولیس نے علاج کے لیے ماڈل ہسپتال بہار شریف میں داخل کرایا گیا۔ روہت کمار نے بتایا کہ وہ ٹرین کے ذریعے گجرات سے پٹنہ آیا تھا اور لوکل ٹرین سے پٹنہ سے بہار شریف آ رہا تھے اسی درمیان کچھ لوگ وینا میں ٹرین میں سوار ہوئے اور ٹرین کے اسٹیشن سے کھولنے کے بعد وہ مارپیٹ کرنے لگے اور ہمارے سامان سے بھرے دو سوٹ کیس لے کر رہوئی میں اتر گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملنے کے بعد پولیس نے تمام زخمیوں کو بہار شریف ریلوے اسٹیشن کے قریب سے علاج کے لیے ہسپتال پہنچایا گیا۔

دربھنگہ بار ایسوسی ایشن کے نتائج کے لئے ووٹوں گنتی جاری

صدر عہدہ پر عنبر امام ہاشمی وچندر دھر ملک وسکریٹری عہدہ پر کرشن کمار و راجیو کمار کے درمیان کشمکش جارٹ

دربھنگہ (اے این پی) دربھنگہ بار ایسوسی ایشن دربھنگہ کے دو سالہ انتخابات کے لیے طے شدہ پروگرام کے مطابق جمعہ کو اختتام پذیر ہوا 1746 ووٹروں میں سے 1139 ووٹروں نے ووٹروں نے اپنے رائے دہی کا استعمال کیا وہیں صبح 9 بجے سے ووٹوں کی گنتی کا کام شروع ہوا سب سے پہلے تمام بوتھ کے ووٹوں کو الگ الگ کیا گیا اس کے بعد ووٹوں کی گنتی کا کام شروع ہوا خبر لکھے جاتے تک تین مراکز کے ووٹوں کی گنتی کا کام مکمل ہوا ہے جس میں صدر عہدہ پر چندر دھر ملک اپنے حریف عنبر امام ہاشمی سے سو ووٹوں سے آگے چل رہے تھے جبکہ جنرل سکریٹری کے عہدہ کے لئے گنتی میں کرشن کمار مشرا اپنے حریف راجیو رنجن ٹھاکر سے قریب 150 ووٹوں سے آگے چل رہے تھے مزکورہ باتوں کی جانکاری الیکشن انچارج جیتندر نارائن جھا دی ہے انہوں نے مزید بتایا کہ ووٹوں کی گنتی کا کام دیر رات تک مکمل ہو پائے گا کیوں کہ 25 عہدے کے لئے انتخاب میں 84 امیدوار میدان میں اپنی اپنی قسمت آزما رہے تھے سب سے دلچسپ مقابلہ صدر اور جنرل سکریٹری کے عہدے پر ہے صدر عہدہ کے لئے ایڈوکیٹ عنبر امام ہاشمی، آرون کمار سنہا، چندر دھر ملک، سیارام یادو، پون کمار چودھری وجھبش پرساد ہیں وہیں جنرل سکریٹری کے عہدے پر قسمت آزمانے والے امیدوار میں کرشن کمار مشرا، راجیو رنجن ٹھاکر، دیوانند پرساد، راکیش کمار جھا جیلانی، سید عالے مہدی، استخار، محمد مسرور حسن، خورشید ربانی، رحمت اللہ خان، محمد علاء الدین، قمر پرویز ومحمد شاداب انجم وغیرہ سمیت اس طرح کل 84 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کل ہوگا جس میں 25 امیدوار ہی کامیابی حاصل کر عہدہ حاصل کریں گے جبکہ پولیس انتظامیہ کی جانب سے پولیس کا بھی سخت انتظامات کیا گیا تھا تاکہ وکلاء کے انتخابات میں کسی طرح کا کوئی پریشانی پیدا ہونے پائے۔

نان انٹرلاک کام کے لیے ٹیسٹنگ بلاک دیئے جانے کی وجہ سے کئی ٹرینوں کے روٹس تبدیل ہوں گے

سمستی پور (اے این پی) اتر پردیش میں گورکھپور سے گورکھپور کینٹ تک تیسری لائن کی تعمیر کے لیے نان انٹرلاک کام کے دوران ٹیسٹنگ بلاک دیئے جانے کی وجہ سے سمستی پور ڈویژن سے چلنے والی بہت سی ٹرینوں کے روٹ تبدیل کر دیے جائیں گے۔ ریلوے کے سرکاری ذرائع نے ہفتہ کو یہاں بتایا کہ 12565 دربھنگہ-نئی دہلی بہار سمپرک کرانتی ایکسپریس، جو 2 مئی کو دربھنگہ سے روانہ ہونے والی ہے، چھپرا-اوڑیہار-وارانسی-بنارس-پریاگراج جنکشن-کانپور سینٹرل کے راستے سے چلائی جائے گی۔ وہیں پوربندر سے 25 اپریل کو چلنے والی 19269 پوربندر-مظفر پور ایکسپریس تبدیل شدہ روٹ لکھنؤ-ماں بیلہا دیوی دھام پرتاپ گڑھ جنکشن-وارانسی-اوڑیہار-چھپرا-مظفر پور کے راستے چلے گی۔ اسی طرح 2 مئی کو سہرسہ سے روانہ ہونے والی ٹرین نمبر 12553 سہرسہ-نئی دہلی ویشالی ایکسپریس تبدیل شدہ روٹ چھپرا-اوڑیہار-وارانسی-ایودھیا کینٹ-بارابنکی کے راستے موڑ کر چلائی جائے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ دربھنگہ سے 28 اپریل اور یکم مئی چلنے والی 15557 دربھنگہ-آنند وہار ٹرمینس امرت بھارت ایکسپریس تبدیل شدہ روٹ دربھنگہ-سیتامڑھی-مظفر پور-چھپرا گرامین-بھٹنی-گورکھپور کینٹ کے راستے چلے گی۔ آنند وہار ٹرمنس سے 29 اپریل اور 2 مئی 2025 کو چلنے والی 15558 آنند وہار ٹرمینل-دربھنگہ امرت بھارت ایکسپریس اب تبدیل شدہ روٹ گورکھپور کینٹ-بھٹنی-چھپرا گرامین-مظفر پور-سیتامڑھی-دربھنگہ کے راستے چلائی جائے گی۔ جالندھر سٹی سے 27 اپریل کو چلنے والی 22552 جالندھر سٹی-دربھنگہ انتودیہ ایکسپریس تبدیل شدہ روٹ گورکھپور کینٹ-بھٹنی-چھپرا گرامین-مظفر پور-سیتامڑھی-دربھنگہ کے راستے چلائی جائے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ باندرہ ٹرمنس سے 26 اپریل کو چلنے والی 19037 باندرہ ٹرمینس-برونی اودھ ایکسپریس ٹرین تبدیل شدہ روٹ گورکھپور کینٹ-بھٹنی-چھپرا گرامین-مظفر پور کے راستے چلائی جائے گی۔ اسی طرح گوہاٹی سے 30 اپریل کو چلنے والی 15653 گوہاٹی-جموں توی امرناتھ ایکسپریس ٹرین تبدیل شدہ روٹ مظفر پور-چھپرا گرامین-بھٹنی-گورکھپور کینٹ کے راستے چلائی جائے گی۔

پولس کی چیکنگ میں 2 شاطر گرفتار

پورنیہ (محمد عرفان کامل) ہفتہ کو بہار پولیس ہیڈ کوارٹر سے گرفتاری/گاڑیوں کی چیکنگ کی ہدایات موصول ہوئی ہیں اسی سلسلے میں صبح سویرے روپولی پولیس اسٹیشن کے تحت ایس ٹی ایف کو ایک خفیہ اطلاع ملی کہ دو مجرم مکئی کے ایک تاجر کو لوٹنے کی نیت سے ڈوبھاپل کے قریب آنے والے ہیں مذکورہ بالا معلومات کی روشنی میں سپرنٹنڈنٹ پولیس کی ہدایات کے مطابق پولیس اسٹیشن آفیسر روپولی پورنیا پورنیہ نے اس معلومات کی تصدیق کے بعد ڈوبا برج کے قریب چھاپہ مارا اور ایک مجرم راجہ یادو کو گرفتار کیا، جو شیام کے رہائشی 01 کے ساتھ رہائشی شیام کے رہائشی رہائشی رہائشی پستول ڈسٹرکٹ مادھی پورہ کے ساتھ ایک مجرم راجہ یادو کو گرفتار کیا گیا اور 01 موبائل فون۔ گرفتار ملزم سے پوچھ تاچھ/تصدیق کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ وہ ایک پیشہ ور مجرم ہے جو پورنیا/مدھے پورہ/سہارسا ضلع سے متعلق درجنوں مقدمات (قتل/لوٹ/ڈکیتی اور اسلحہ ایکٹ) میں مطلوب ہے اور تقریباً ڈیڑھ سال سے مفرور ہے۔ بہار پولس ہیڈ کوارٹر، پٹنہ نے ان پر ایک لاکھ روپے کے انعام کا بھی اعلان کیا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے اپنے گینگ کے دیگر ارکان کا انکشاف کیا ہے اور ان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں گرفتاری:-01. راجہ یادو ولد ہری نندن یادو ساکنہ شیام تھانہ گوالپارہ ضلع مدھے پور ہبازیابی: 01. دیسی پستول-0102 زندہ کارتوس-0103. موبائل-01 مطلوبہ کونڈو کی تفصیلات:- 01. بمنکھی تھانے کا مقدمہ نمبر 24/189 مورخہ 24.05.17 (ڈکیتی کے دوران قتل) 02. گوالپارہ (مدھے پورہ) پولیس اسٹیشن مقدمہ نمبر 14/101 مورخہ 17.07.20 (قتل کی کوشش اور آرمس ایکٹ نمبر 03. کیسواپاڑہ پولیس اسٹیشن نمبر 03-36/20 مورخہ 20.03.20 (قتل اور اسلحہ ایکٹ) 04. گوالپارہ (مادھی پورہ) تھانہ مقدمہ نمبر 21/96 مورخہ 21.06.26 (بھتہ خوری میں قتل) 05. گوالپارہ (مادھی پورہ) پولیس اسٹیشن مقدمہ نمبر 20/18 تاریخ 06. گوالپارہ (مدھے پورہ) پولیس اسٹیشن کیس نمبر 24/146 مورخہ 24.08.01 (ڈکیتی)، 07. گوالپارہ (مادھی پورہ) پولیس اسٹیشن مقدمہ نمبر 24/148 مورخہ 24.08.06 (قتل اور اسلحہ ایکٹ)، 08. سٹیشن کسی پورہ نمبر 4/24- مورخہ 24.11.14 (ڈکیتی کے دوران گولی مار کر قتل کرنے کی کوشش)، 09. گوالپارہ (مادھے پورہ) تھانہ مقدمہ نمبر 24/150 مورخہ 24.08.10 (چھنتائی)

مدرسہ نور المعارف میں نئے تعلیمی سال کا آغاز

دعائیہ نشست میں علاقہ سیمانچل کے ممتاز علمائے کرام ودانشوران کی شرکت

ارریہ (اے این پی) گزشتہ دنوں "مدرسہ نور المعارف"، مولانا علی میاں نگر، دیا گنج، ضلع ارریہ میں نئے تعلیمی سال کے روح پرور آغاز کے موقع پر ایک بابرکت دعائیہ نشست کا انعقاد ہوا، جس کی صدارت دار العلوم رحمانی، زیرو مائل، ارریہ کے ناظم وشیخ الحدیث مولانا مفتی علیم الدین مظاہری نے کی۔ نشست کا بابرکت آغاز طلبائے کرام کی دلنشین تلاوتِ کلام اللہ، مترنم اور مسحور کن آوازوں میں نعت شریف، حمد باری تعالیٰ اور پُر اثر تقاریر سے ہوا، جنہیں سن کر مہمانان کرام نے خوشی ومسرت اور اطمینان کا اظہار کیا اور طلباء کی علمی وفنی مہارت کو سراہا۔ اس دعائیہ نشست میں ضلع ارریہ ومضافات کے جلیل القدر علمائے کرام، فضلاء اور دانشورانِ قوم وملت کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کیں، جن میں ماسٹر بختیار ہاشمی، مولانا ومفتی خالد انور پورنوی، مولانا ومفتی انعام الباری صاحب قاسمی، مولانا ومفتی اطہر القاسمی، مولانا ظفر کیفی ندوی، مولانا زبیر عالم سلیمی، مولانا سلیم الدین قاسمی، مولانا شاہد عادل قاسمی، مولانا شہنواز ندوی، مولانا ومفتی عمران قاسمی، قاری احمد علی، مولانا عبد الحلیم، مولانا شاہد رحمانی، مولانا عمر فاروق، مولانا وقاری نیاز احمد قاسمی، مولانا مجیب، مولانا ولی احمد ندوی، مولانا شہنواز عالم اور معروف سماجی شخصیات میں حاجی اسرائیل، ارشد انور الف، آفتاب عالم، اشرف، مسرور عالم، مشفق عالم، ماسٹر ظفر عالم، شہنواز عالم، ماسٹر شبیر ضیا وغیرہ کے نام شامل ہیں۔ نشست کے اختتام پر صدر دعائیہ نشست مفتی علیم الدین مظاہری نے طلباء کے اسباق کی باقاعدہ شروعات کلیدی خطاب سے کیا اور دعائیہ کلمات کے ساتھ مجلس کو اختتام تک پہنچایا۔ آخر میں مدرسہ کے ناظم مولانا ارشد کبیر خاقان مظاہری، جنرل سکریٹری ابو الحسن علی ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر ٹرسٹ نے تمام مہمانان کرام، علمائے عظام، اساتذہ کرام اور اہل علاقہ کے لئے تہہ دل سے ممنونیت اور مشکوریت کا اظہار کیا۔

ندی کے پانی کی تقسیم کا مسئلہ

کیا 1960 کے معاہدے ٹوٹ جائیں گے؟

خورشید نوازی

انڈس واٹر ٹریٹی (آئی ڈبلوٹی) 1960 جو ہند پاک کے درمیان 1960 کو معاہدہ ہوا تھا جس میں ثالثی کے طور پر ورلڈ بینک کی شمولیت تھی، انڈیا نے فی الوقت اس معاہدے کو توڑ دینے کا فیصلہ کیا ہے اور بقول وزیر داخلہ امیت شاہ کا فرمان کہ پاکستان کو اس ندی کا ایک بوند پانی نہ دیا جائے اور 64 سالہ معاہدہ کو انڈیا نے بریک ڈاؤن کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی جنگجوؤں نے 26 ہندستانی سیاحوں کا پہلگام (کشمیر) میں قتل عام کر دیا اور پاکستان جب تک اس جرم کا اعادہ نہ کرلے اور سرحد پار سے جاری دہشت گردی کو ختم نہ کر دے، اس وقت تک پاکستان کو ندی کا پانی نہ دیا جائے۔ لیکن انڈیا نے پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف جو یہ کارروائی کی ہے اس کا اثر بہت حد تک تشویشناک صورتحال اختیار کر سکتی ہے۔ انڈس دریاؤں کا پانی جو خاص دریا انڈس سے ہو کر گزرتا ہے جس میں اس کے پانچ الگ الگ پشتے ہیں جس میں دریا راوی، بیس، ستلج، جھیلم اور چناب ہیں۔ اس کا دایاں پشت سے جو ندی کابل جاتی ہے وہ ہندستان سے ہو کر نہیں گزرتی۔ راوی، ستلج اور بیس کو مشرقی دریا کہا گیا ہے جبکہ چناب، جھیلم اور انڈس کو مغربی دریاؤں کا نام دیا گیا ہے لیکن اس انڈس ندی کا پانی اس وقت متنازع بن گیا جب انڈس ندی کا پانی مشترکہ طور پر انڈیا اور پاکستان کو سیراب کرتا ہے پردیپ کمار سکسینہ جو کہ انڈیا کے انڈس واٹر کمشنر کے طور پر گزشتہ 6 برسوں سے اپنے عہدے پر تعینات تھے وہ آئی ڈبلوٹی کے ساتھ متعلقہ کاموں میں شامل تھے اس نے کہا کہ انڈیا کو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کیونکہ اس کے پاس متعدد آپشن ہیں۔ اس نے کہا کہ 1960 کے معاہدے کی خلاف ورزی کے سلسلے میں انڈیا نے پہلا قدم اٹھایا ہے اور اس معاملے میں پاکستان اگر دوبارہ ورلڈ بینک کو ثالثی بنانا چاہے تو ایسا کرنے کے لئے وہ آزاد ہے لیکن ولڈ بینک کے چیئر مین پاکستان سے یہ ضرور دریافت کریں گے کہ پاکستانی دہشت گردوں نے کیا سوچ کر 26 معصوموں کو قتل کیا اور پاکستان کو جواب دینے پر مجبور ہونا پڑے گا لیکن پاکستان جواب کیا دے گا جبکہ اس کا انداز بتا رہا ہے کہ وہ مبینہ طور پر اس دہشت گردی کا ایک حصہ رہا ہے۔ اگرچہ ندی کے پانی کی تقسیم کے سلسلے میں جو معاہدہ ہوا وہ آرٹیکل 62 برائے وی آنا کنونشن ہے اور اس معاہدے میں یہ درج ہے کہ اگر دونوں ملکوں کے حالات جغرافیائی، سیاسی، سماجی یا جنگ کی صورت میں ابھر کر سامنے آئے تو پھر اس معاہدے کی خلاف ورزی ہونے پر کوئی تادیبی کارروائی نہیں ہو سکتی ہے۔

واضح رہے کہ 2024 میں انڈیا نے ایک رسمی نوٹس پاکستان کو بھیجا تھا جس میں 1960 میں ہوئے معاہدے میں جدت کاری اور پورے معاہدے پر نظر ثانی پر زور دیا تھا۔ اس وقت انڈیا نے انڈس ندی کا پانی جو بند کیا ہے وہ عین کاشتکاری اور کھیتی باڑی شروع ہونے کے موسم سے پہلے کیا گیا ہے اور کسانوں کو کھیتوں میں پانی کی آبیاری کی ضرورت پڑے گی اور پاکستانی کھیت صرف بارش کے انتظار میں سوکھتے رہیں گے اور اگر اگست تک بارش نہیں ہوتی ہے تو پاکستان کے سبھی کھیت سوکھ کر کچی سڑک کا نمونہ پیش کرنے لگیں گے اور پاکستان کی وزارت خوراک پر آفت آجائے گی کہ وہ کہیں سے بھی کھیتوں کی آبیاری کے لئے وافر مقدار میں پانی کا بندوبست کریں۔ صوبہ سندھ پنجاب جو خاص طور پر انڈس ندی کے پانی پر انحصار کرتا ہے اسے اگلے ہفتے سے اپنے لاکھوں ایکڑوں پر مشتمل کھیتوں کے لئے بہت زیادہ پانی کی ضرورت پڑے گی۔ اور ایسے میں پنجاب (سندھ) کے لوگوں کو پانی کی قلت کا سامنا کرنا پڑا اور لوگ بوند بوند کو ترستے نظر آئے۔ ہند پاک کے درمیان جو معاہدہ گزشتہ 6 دہائیوں قبل ہوا تھا اس میں بہت ساری پابندیاں بھی عائد تھیں کہ اس ندی کے درمیان کوئی ڈیم نہیں بنا سکتا۔ ماضی میں انڈیا نے انڈس واٹر ٹریٹی میں جو بھی تبدیلی کرنے کی کوشش کی اسے ہر موقع پر پاکستان کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ جیسے انڈیا نے چند علاقوں جیسے سلال، باگلی ہار، اڑی، چوٹک، نمو بازگو، کشن گنگا، پاکل دول، میار، شیو کلنا اور راٹلے میں تبدیلی کرنے پر پاکستان کی طرف سے زبردست احتجاج کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک رکاوٹ یہ بھی بڑے پیمانے پر ابھر کر سامنے آئی کہ ریزرور کو کس طرح سے بھرا جائے۔ 2019 میں پلوامہ میں دہشت گردانہ حملہ ہوا تھا تب حکومت ہند نے لداخ میں مزید 8 ہائیڈرو پاور پروجیکٹوں کو آگے بڑھایا تھا۔

دیوالیہ پاکستان کا زہریلا دانت

جمیل احمد (واٹ گنج)

پہلگام کے خونچکاں واردات و ناطے رشتہ داروں کے آہ و بکا کے سامنے کشمیر کی قدرتی خوبصورتی و فرحت بخش مرغ زار کی دلفریبی بھی اب اپنی کشش کھو چکی ہے۔ سیاحوں کے اندر اب ایک انجانا سا خوف بھی طاری ہو چکا ہے۔ مودی حکومت جس خوش کن دعوے پر سینہ پھلا رہا تھا اب ٹورزم کی گرتی معیار پر ان کا بھی معیار عالمی سطح پر اٹھنے کے بجائے پھسپھا ہوتا جا رہا ہے الیکشن کے بعد پورے کشمیر میں جو خوش کن و پر اعتماد حالت کی فضا بنی تھی ہر طرف کے سیاح جنت نما کشمیر کا نظارہ کرنے، دل لبھانے کے لئے جتنی تعداد میں یہاں آرہے تھے ان کی خیر مقدمی سے ٹورزم صنعت کو جس طرح کا منافع ہو رہا تھا وہ وہم و گمان سے بھی زیادہ تھا۔ برسہا برس سے کساد بازاری کے دن جھیلنے والے ڈل جھیل پر افسردگی سے تیرنے والے "شکارے" والوں کا بھی دن پھر گیا تھا۔ کشمیروں کے صنعت و حرفت پر بھی بہار آگئی تھی۔ برسوں سے خوشنما راستوں پر کھڑی چناروں نے بھی ماتمی لباس کو تج کر آنے والے سیاحوں کو دیکھ دیکھ کر لباس فاخرہ پہن کر جھولنے لگے تھے۔ دھیرے دھیرے دن بھی بدلنے لگے تھے۔ سیاحوں کا تانتا بڑھنے لگا تھا۔ آمدنی سوا لگ خلاف قیاس سے بھی زیادہ۔ مگر کسے پتہ تھا کہ دہشت گرد گھات لگائے بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ ویسے تو کشمیر کے کئی چھوٹے چھوٹے ضلع میں جو بھی جھڑپیں ہوئیں فوجی افسران نے انہیں معمولی جھڑپیں بتا کر سیاحوں کے ہر ممکن تحفظ کا بھی وعدہ وعید کی جھڑی لگا دی اب اگر ملک کے عسکری نے سینہ ٹھونک کر کہہ دیا کہ برے دن گئے۔ اچھے دنوں کی رم جھم سے کشمیر تر بتر ہو رہا ہے دہشت گردوں کے ہمت پسپا ہوئے، کشمیر پر گئے دنوں کی نحوست ٹل گئی اب یہاں کے بہار میں جو بن عود کر آگیا ہے سیاح بے فکر آسکتے ہیں۔ جنت کا نظارہ کر سکتے ہیں اور مندروں میں آکر اپنی دیرینہ مرادیں بھی پا سکتے ہیں۔ مودی حکومت اور ان کے فوجی افسران کی اس یقین دہانی کے بعد سیاح دیوانہ وار کشمیر کا رخ کرنے لگے۔ اچانک سے کشمیر کی معیشت بھی جوان ہونے لگی۔ ہندستان کی سیاسی فضا میں بھی غیر معمولی تبدیلی آنے لگی۔ مگر ادھر پاکستان کے اندر کیا چل رہا تھا یہ بیچارے سیاح کیا جانے۔ 370 آرٹیکل کے فنا ہو جانے کے بعد بھی یہاں کے سیاسی و معاشرتی زندگی پر اثر تو رہا مگر یہ اثر فرو تو نہیں ہوا۔ دبا دبا سا رہا۔ پاکستان اپنے مقبوضہ حصے کو لینے کیلئے پھر سے توانا ہونے لگا۔ غالباً دنیا کو کشمیر کے ان منشا سے کوئی لگاؤ تو نہیں رہا لیکن پاکستان کے پراگندہ ذہن میں اس پر منصوبہ تو بنتا ہی رہا۔

راولپنڈی کے ایک ترجمان نے اس بارے میں اتنا ضرور کہا تھا کہ یہ مسئلہ پاکستان کی اندرونی سیاست کیلئے کوئی معمولی مسئلہ نہیں بلکہ اسے عظیم کہہ سکتے ہیں اب یہاں یہ بھی کہنا غیر درست نہیں کہہ سکتے ہیں کہ اس وقت پاکستان کے سپہ سالار سید آشیم منیر احمد شاہ ہیں جن کے مزاج و سرشت میں بے اعتدالی و کٹر پسندی کا مادہ حد سے زیادہ ہے۔ ہندستان سے ان کو ذاتی پرخاش ہے اور خود کو اسلامی ملک کے مختار و مبلغ بھی اپنے بیان سے گردانتے ہیں۔ جب سچ بات تو یہ ہے جس اسلامی حکومت و شعائر کا مشہور عالم و مفسر قرآن محمد شفیع نے اعادہ کیا و ہجرت بھی دین کو وسیع کرنے کے لئے کہا تھا۔ جیتے جی اس ہجرت سے ہمیشہ افسردہ رہے روتے رہے۔ یہی حال ڈاکٹر اسرار احمد کا بھی رہا۔ جس اسلامی مملکت کا انہوں نے تصور کیا تھا وہ خواب کرچیاں بن کر زندگی بھر ان کی آنکھوں میں چبھتی رہیں۔ ہجرت کے اس کرب کا اگر احساس کرنے کا ارادہ ہے تو ان کا بیان القرآن پڑھیں اب ایسے میں پاکستان کے آرمی جنرل سید آشیم منیر کے قول کی کیا حقیقت رہ جاتی ہے یہ سمجھدار لوگوں کو بتانا نہیں ہے۔ خود آرمی چیف کا یہ کہنا ہے کہ کشمیر ان کے لئے "Jugular Vein" کی طرح جو پاکستان کو ہندستان میں بار بار تشدد پھیلانے کے لئے مہمیز کرتا ہے تاکہ ہندستان کبھی بھی سکون و چین سے نہ بیٹھے۔ بتاتا چلوں کہ اس وقت پاکستان اپنے صوبے کے ہیجان و معاشی بدحالی سے حد درجہ پریشان و جھنجھلایا ہوا ہے۔ بلوچستان کے حالات ان کے قابو سے باہر جا رہا ہے۔ وہاں کے لوگ علاقائی عصبیت کے شکار ہو رہے ہیں۔ صوبائی آبادی و لسانی برتری کو لیکر کمزور طبقے پر عرصہ حیات تنگ کرنے کی خبریں ابھی بڑے بڑے اخباروں کی سرخیاں بن رہی ہیں۔ تو ایسے میں جنرل منیر ہندستان کو چین سے بیٹھنے کیوں دے؟ اپنے آقا چین کے اشارے پر کٹھ پتلی جنرل منیر اپنی ابلیسیت کو بار بار تیز کرکے ہندستان پر حملے کروا رہا ہے تاکہ ہندستان کی معیشت و سکون کو غارت کر سکے۔ جنرل کو ہندستان کی بڑھتی ہوئی معاشی ترقی و ان کی خارجہ پالیسی سے بھی چڑ ہے۔ جو وہ یہ دن ترقی کے مدارج طے کر رہی ہیں۔ مگر اس طرح کی بزدلی و معصوموں کی ہلاکت سے اب ہندستان بھی عاجز آگیا ہے۔ عنقریب ہی ہندستان کا سہ طرفی افواج کی منظم یورش سے پاکستان کا جو گھمنڈ ہے جنرل منیر کا جو غرور ہے وہ پوری دنیا کے لئے عاد، ثمود، لوط کی قوموں طرح عبرتناک آثار بن جائیں گے۔ وقت اپنے کئے کا احتساب کرلیں توبہ کرلیں۔

جدوجہد آزادی کا گمنام ستارہ ’حاجی موسیٰ خاں شروانی‘

شاہد صدیقی علیگ

حاجی موسیٰ خاں شروانی ایک پہلودار شخصیت کے پیکر تھے، جو بیک وقت حلیم، منکسر، غریب پرور، بے مثل قلم کار، ہندو۔مسلم اتحاد کے علمبردار، علی گڑھ تحریک کے محرک اور جنگ آزادی کے سپاہی تھے۔ ان کی ملک و قوم کے تئیں بے لوث خدمات اور قربانیاں آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔ حاجی موسیٰ خاں شروانی دتا؟لی کے معروف شروانی خانوادے کی ایک معزز ہستی حاجی فیض خاں شروانی کے نور چشم تھے، جنہوں نے پہلی ملک گیر جنگ آزادی کی ناکامی کے بعد سرزمین حجاز ہجرت کر کے مکہ معظمہ میں سکونت اختیار کر لی تھی۔ ان کے یہاں 2 نومبر 1870ء کو ایک بچے کی ولادت ہوئی، جو اپنے فکر و فن اور بلند کردار کی بدولت درخشندہ ستارہ بن کر چمکے۔ موصوف والد کی وفات کے کچھ عرصے بعد بڑے بھائی حاجی محمد اسماعیل خاں کے ہمراہ آبائی وطن دتا؟لی واپس آگئے۔ موسیٰ خاں نے مروجہ دستور کے مطابق موروثی حویلی میں ابتدائی تعلیم حاصل کی اور جلد ہی عربی، فارسی اور دینی علوم پر دسترس حاصل کر لی۔ مطالعہ کا شوق انہیں ورثہ میں ملا، جس نے ان کی شخصیت میں چار چاند لگا دیے۔

سن شعور پہنچنے کے بعد انھوں نے خاندانی روش کی تقلید کی اور مختلف قومی مہمات بشمول علی گڑھ تحریک سے منسلک ہو گئے۔ بیسویں صدی کی عظیم نابغہ روزگار شخصیت سر سید احمد خاں حاجی موسیٰ خاں کی قومی ہمدردانہ رغبت اور جوش و جنون سے بے حد متاثر ہوئے۔ اس کا تذکرہ انہوں نے علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ کے 10 فروری 1891ء کے شمارے میں خصوصی طور پر یوں کیا ہے کہ: ”موسیٰ خاں رئیس دتالی جو ایک معزز شروانی پٹھانوں کے خاندان کا ایک سعادت مند نوجوان ہے، گلے میں خلطہ ڈالے ہوئے نمائش گاہ علی گڑھ میں مسلمان غریب طالب علموں کی امداد کے لیے لوگوں سے روپیہ پیسہ جو کوئی جو دے مانگتا پھرتا ہے۔ ہم تو قوم کے لیے اس کو شگون نیک سمجھتے ہیں۔ اگر ہماری قوم کے رئیسوں اور سرداروں میں اس قسم کا جوش یا خیال قومی ہمدردی کا پیدا ہو جاوے تو قوم کا بیڑا پار ہے۔“

سرسید احمد خاں نے ان کی فراست اور علمی صلاحیتوں کو دیکھ کر دسمبر 1891ء کو مدرسۃ

العلوم کا ٹرسٹی مامور کیا اور موسیٰ بھی تاحیات سرسید کے مشن پر کاربند رہے۔ تاہم وطن عزیز کو برطانوی استعمار سے آزادی دلانے کے لیے بھی متحرک رہے۔ موسیٰ خاں نے 1902ء میں اردو۔ہندی مسئلہ پر لکھنو؟ میں منعقدہ مشاورتی اجلاس میں شریک ہو کر سیاسی میدان میں پہلا قدم رکھا۔ وہ عبدالمجید خواجہ کی رہنمائی میں ہوم رول لیگ کو منظم کرنے میں سرگرم عمل رہے۔ اس دور کی روایت کے مطابق مسلم لیگ اور انڈین نیشنل کانگریس میں بیک وقت شامل رہے۔ انہوں نے کانگریس اور مسلم لیگ میں مفاہمت کے لیے جی توڑ کاوشیں کیں، جس کے نتیجے میں سنہ 1916ء میں دونوں جماعتوں کے درمیان سمجھوتا عمل میں آیا، لیکن کچھ عرصے بعد انہوں نے مسلم لیگ کو خیر باد کہہ کر کانگریس اور تحریک خلافت میں ہمہ تن منہمک ہو گئے۔ حاجی موسیٰ خاں وقت کے بہا؟ اور سیاسی لہروں کے مزاج شناس تھے جنہوں نے مختلف موضوعات پر خامہ فرسائی کر کے نیم جان قوم میں نئی روح پھونکنے کی مساعی جمیلہ کی، جس کی گواہی علی گڑھ منتھلی، البشر اٹاوہ اور علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں شائع ان کے مضامین دیتے ہیں۔

اسی اثنا میں اے ایم یو انتظامیہ کی حریت پسند طلباء کی انقلابی سرگرمیوں پر قدغن لگانے کی کوششیں زور پکڑنے لگیں۔ جس کے پیش نظر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے قیام کا خاکہ تیار ہوا جس کی پہلی میٹنگ حاجی موسیٰ کی کوٹھی ’مشرف منزل‘ پر منعقد ہوئی اور وہ چند عرصے تک عارضی معتمد رہے۔ 1920ء میں گاندھی جی اور مولانا ابوالکلام آزاد نے تحریک ترک موالات اور سودیشی مہم چھیڑی تو انہیں کامیاب بنانے کے لیے موسیٰ خاں نے اپنی پوری توانائی جھونک دی۔ بیرونی کپڑوں اور دیگر اشیا کا مکمل بائیکاٹ کر کے کھادی آویزاں کر لی۔ ان کی کوٹھی سیاسی سرگرمیوں کے مرکز میں تبدیل ہو گئی، جہاں ملک کے قد آور رہنما؟ں کی آمد و رفت کا سلسلہ شروع ہو گیا، لیکن حاجی موسیٰ خاں آزادی کا طلوع سورج دیکھنے کی تمنا دل میں لیے 18 اپریل 1944ء مطابق 24 ربیع الثانی 1343ھ کو چل بسے۔

حاجی موسیٰ خاں شروانی آخری سانس تک قوم و ملت کو تعلیمی، معاشی اور سیاسی اعتبار سے خود کفیل بنانے اور ہندوستان کی عظیم گنگا جمنی تہذیب کی بقا کے لیے کوشاں رہے۔ علاوہ ازیں انہوں نے تصانیف کا جو ذخیرہ چھوڑا وہ قوم و ملک کے لیے کسی اثاثہ سے کم نہیں۔

روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | اتوار، ۲۷/اپریل ۲۰۲۵ء

دہشت گردوں کا مطلب معصوموں کا قتل عام؟

پاکستان کو یہ لچر فارمولہ کس نے بتایا؟

پہلگام سانحہ کے ساتھ ہند پاک کے درمیان بڑی زبردست تلخی پیدا ہو چلی ہے اور حالات بالکل جنگ جیسے ہیں۔ کیونکہ دہشت گردوں نے جو حرکت کی ہے وہ کسی بھی طور پر قابل معافی نہیں ہے اور اس صورتحال کے بعد بھی اگر پاکستان اس واقعے کی کھل کر مذمت کرتا اور ہندستان کو یقین دلاتا کہ وہ اس درندگی کی کھل کر مذمت کرتا کہ اس کی نظر میں پہلگام سانحہ اسی قدر بدترین ہے جس قدر کہ ہندستان کے اور وہ اس کی بھی یقین دہانی کراتا کہ جن دہشت گردوں نے یہ کام انجام دیا ہے اسے کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ اگر پاکستان یہ انداز اپناتا تو شاید حالات اس قدر خراب نہ ہوتے کیونکہ اس حقیقت سے سبھی واقف ہیں کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب اور کوئی وطن نہیں ہوتا۔ لیکن اس کے برعکس پاکستان نے ہندستان کی جوابی کارروائی کے بارے میں معلوم کرتے ہی اپنے ہاتھ پیر نکالنے شروع کر دیئے اور جس ملک کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ امریکہ، عرب ممالک، چین اور روس کی امداد پر انحصار کرتا ہے وہ ہندستان کے خلاف آمادہ جنگ نظر آنے لگا جس سے صاف اندازہ ہوا کہ پہلگام سانحہ میں پاکستانی دہشت گرد ملوث ضرور تھے لیکن ان دہشت گردوں کی سرپرستی پاکستان ہی کر رہا تھا، پاکستان کی جوابی کارروائیاں اس حقیقت کی غمازی کرتی نظر آئیں کہ وہ پورے طور پر پہلگام واردات میں ملوث ہے اور وہاں دہشت گردوں نے جو کچھ بھی کیا ہے وہ پاکستان کے اشارے پر کیا ہے۔ لہٰذا اس زبردست خونریزی کے بعد پاکستان کی بے شرمی کو دیکھتے ہوئے ہندستان تو کسی صورت میں خاموش نہیں رہ سکتا تھا۔ یہ اچھا ہوا کہ پی ایم مودی نے اس معاملے میں بحث کرنے کے لئے آل پارٹی میٹنگ بلوائی کہ سبھوں کی رائے معلوم کی جائے وہ اس معاملے میں کیا کہتے ہیں لیکن خود پی ایم مودی اس آل پارٹی میٹنگ میں شریک نہ ہوئے مبادا اپوزیشن سے کوئی یہ نہ پوچھ بیٹھے کہ آرٹیکل 370 کی تنسیخ کے بعد وزیر داخلہ امیت شاہ نے جو یہ دعویٰ کیا تھا کہ آرٹیکل 370 کو کالعدم قرار دیکر کشمیری دہشت گردوں کی ریڑھ کی ہڈی توڑ دی ہے اور اب وہ دہشت گردی کرنے سے پہلے دس مرتبہ سوچیں گے۔ یہی نہیں امیت شاہ نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ کشمیر سے اب دہشت گردی کا خاتمہ ہوا ہے اور کشمیر اپنے پرانے دور میں واپس ہو چلا ہے جہاں ہر طرف قہقہے گونجتے تھے اور ہر طرف ہریالی ہی ہریالی نظر آتی تھی۔ ویسے تو ہریالی آج بھی ہے مگر خون میں لتھڑی ہوئی! کل تک سبھی یہ کہہ رہے تھے کہ کشمیر جنت نشاں ہے اور یہاں چاروں طرف محبت خوشی کی چیخیں اور رنگین دوپٹے سرسراتے رہتے تھے لیکن آج ان سرسراتے دوپٹے خون سے رنگین ہو چکی ہیں جب دہشت گردوں کو کشمیر میں سیاحوں کی زبردست واپسی پسند نہ آئی اور 26 معصوموں کو موت کے گھاٹ اتار کر انہوں نے گویا بڑا تیر مار لیا بھیل پوڑی کھاتے ہوئے اور ٹٹو پر سواری کرتے ہوئے ان حسیناؤں کے جو قہقہے بلند ہو رہے تھے اور سیاحوں کی آمد سے یہاں کے غریب شکارا والوں اور دکانداروں کی آنکھوں میں چمک پیدا ہو گئی تھی اور دہشت گردوں کو ان غریب لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹ اچھی نہیں لگتی اور انہوں نے اپنے آٹو میٹک ہتھیاروں سے اس طرح سے گولیوں کی بارش کر دی جیسے وہ میدان جنگ میں ہوں اور دشمنوں کے خلاف اندھا دھند گولیاں چلا رہے ہوں۔

اس وقت تازہ ترین صورتحال یہ ہے کہ پہلگام کے وہ علاقے جو بدترین دہشت گردی سے متاثر ہو چکے ہیں وہاں بڑے قرینے سے گھر کو سجا کر رکھا گیا ہے اور ہر وہ گھر جس پر دہشت گردوں نے اپنی کمین گاہیں بنا رکھی تھیں ان تمام گھروں کو توڑ پھوڑ کر برباد کر دیا جائے گا۔ جمعہ کے روز سیکوریٹی دستوں نے لشکر طیبہ گروپ کے دو گھروں کو بموں سے اڑا دیا جہاں رہتے ہوئے پاکستان نواز دہشت گردوں نے حملے کا پروگرام مرتب کیا تھا۔ ویسے تو اخباروں میں اس خبر کے متعلق ہر کسی نے جان لیا، لیکن کسی کو اب تک اس پر یقین نہیں آرہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان اس حد تک ٹھن گئی ہے اور دیکھا جائے تو اس وقت پاکستان لادی ہوئی جنگ کا بھرم رکھ کر ہے ورنہ سرحدوں کے درمیان تو ایسی کوئی بھی کشیدگی باقی نہیں رہی تھی اور دونوں ممالک اپنی اپنی جگہ ایک دوسرے سے منہ پھیرے ہوئے تھے اور زندگی یوں بھی کٹ رہی تھی لیکن اس وقت پاکستان نے پہلگام میں قتل عام کا جو ڈرامہ رچ کر برصغیر میں جو ہلچل مچانے کی سازش کی اس کا انجام بھی جو ہوگا وہ اچھا تو نہیں ہوگا کیونکہ سیاستداں اپنی حرکت کر گزرتے ہیں اور نتیجہ عام لوگوں کو بھگتنا پڑتا ہے۔ (خ الف ف)

کیاان قاتلوں کو قرآن مجید کے احکام معلوم نہیں تھے؟

ریاض فردوسی

یہ کیسے لوگ ہیں جو اسلام کے نام پر اسلام کے خلاف کام کرر ہے ہیں؟ مسافروں کو گولی مارر ہے ہیں۔ایک جوڑا جس کی نئی نئی شادی ہوئی ہے،جس عورت کے پاس شوہر کے علاوہ کوئی نہیں ہے،اس کے شوہر کو قتل کر کے اسے بیوا کر دیا۔کوئی اپنے پورے گھر کو اکیلے پالتا تھا،وہ سیاحوں کو بچانے گیا تو اسے گولی مار کر ہلاک کر دیا۔اب اس کے گھر کا کیا ہوگا؟ جو بچے یتیم ہو گئے ہیں،وہ جب بڑے ہو کر اپنے والد کے بارے میں پوچھیں گے تو ماؤں کے پاس کیا جواب ہوگا؟ ان گھومنے والوں کو پتہ تک نہیں ہوگا کہ یہ ان کا آخری گھومنا ہے۔یہ ظالم کشمیری لوگوں کے بھی دوست نہیں ہیں،کیا وہ نہیں سمجھتے کہ کشمیریوں کے کاروبار پر اس دردناک قتل عام سے کتنا اثر ہوگا؟ کشمیریوں کی معاشی حالت مزید خراب ہوگی۔کتنے سالوں بعد،اتنے مشکلات سے حالات راستے پر آئے تھے۔کشمیریوں کے سارے محنت پر ان قاتلوں نے پانی پھیر دیا ہے۔بے گناہ آدمیوں کے قتل سے شریعت محمدی ﷺ کے ماننے والوں،اور ایمان لانے والوں کو کوئی مطلب،کوئی سروکار ہی نہیں ہے،ایسے لوگ نا مسلمان ہیں اور نا ہی انسان،یہ ظالم ہے،ان کا ٹھکانہ اللہ کے یہاں جہنم ہے۔اسلامی قانون کے مطابق ایسے لوگوں کو صرف اور صرف سزائے موت ہی ملنی چاہیے۔ظالموں کا اخروی عذاب تو اپنی جگہ،دنیا میں بھی اللہ تعالیٰ ظالموں کی گرفت فرماتا ہے،چنانچہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے،حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا''بے شک اللہ تعالیٰ ظالم کو ڈھیل دیتا رہتا ہے اور جب اس کی پکڑ فرمالیتا ہے تو پھر اسے مہلت نہیں دیتا۔پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔(سورہ ہود۔آیت۔102)اور تیرے رب کی گرفت ایسی ہی ہوتی ہے جب وہ بستیوں کو پکڑتا ہے جبکہ وہ بستی والے ظالم ہوں،بیشک اس کی پکڑ بڑی شدید دردناک ہے۔(بخاری،کتاب التفسیر، باب وکذلک اخذ ربک اذا اخذ القری وہی ظالمۃ۔الخ، 7 4 2/ 3،الحدیث: 2686)عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:''مظلوم کی بددعا سے بچو،یہ آگ کی چنگاریوں کی مانند آسمان کی طرف اٹھتی ہے''۔اسے امام حاکم نے روایت کیا ہے۔ظلم سے اجتناب کریں اور مظلوم کی بددعا سے ڈریں۔کیونکہ وہ آسمان کی طرف ایسے اٹھتی ہے جیسے آگ کی چنگاریاں اٹھتی ہیں۔آپ ﷺ نے مظلوم کی بددعا کو اس کے تیزی سے اوپر اٹھنے کی وجہ سے چنگاریوں کے ساتھ تشبیہ دی یا پھر اس لیے کہ یہ ایک ایسے دل سے نکلی ہوتی ہے جو ظلم وجور کی آگ سے دہک رہا ہوتا ہے اور یہ پردوں کو ایسے چیرتی ہوئی نکلتی ہے کہ گویا چنگاری ہو۔اللہ پاک ہمیں ظلم سے اور ظالم کا ساتھ دینے سے بچائیں۔آمین۔اس وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر یہ فرض کیا کہ جس کسی نے کسی کو قتل کیا بغیر اس کے کہ اس نے کسی کو قتل کیا ہو یا ملک میں فساد برپا کیا ہو تو گویا اس نے سب کو قتل کیا اور جس نے اس کو بچایا تو گویا سب کو بچایا اور ہمارے رسول ان کے پاس واضح احکام لے کر آئے لیکن اس کے باوجود ان میں بہت سے ہیں جو زیادتیاں کرتے ہیں(سورۃ المائدۃ،آیت نمبر۔32)اللہ تمہیں ان لوگوں کے ساتھ حسن سلوک اور انصاف کرنے سے نہیں روکتا جنہوں نے دین کے معاملے میں نہ تم سے جنگ کی ہے اور نہ تم کو تمہارے گھروں سے نکالا ہے۔اللہ انصاف کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔(سورۃ الممتحنۃ آیت نمبر۔8)کشمیر کے مشہور سیاحتی مقام پہلگام میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 28 سیاح قتل اور 12 زخمی ہو گئے۔غیر ملکی خبر رساں اداروں کے مطابق یہ افسوسناک واقعہ مشہور سیاحتی مقام پہلگام میں ہوا،جو مسلمان اکثریتی علاقے میں واقع ہے جبکہ یہ گزشتہ ایک سال کے دوران مقبوضہ وادی میں پیش آنے والا بدترین واقعہ ہے۔اللہ تعالیٰ نے قتل نفس کو گناہ کبیرہ اور جرم عظیم قرار دیا۔اسے اس قدر عظیم جرم قرار دیا کہ گویا اس مجرم نے تمام موجودہ انسانی نسل کو قتل کر دیا۔پھر جس عمل کے ذریعے ایک شخص کی جان بچ جائے تو گویا اس شخص اور اس عمل نے تمام لوگوں کو زندگی بخش دی۔قصاص میں قتل یا فساد فی الارض کو دور کرنے کے لئے کسی کے قتل کے علاوہ قتل اس قدر عظیم جرم ہے جس طرح کوئی تمام انسانوں کو قتل کر دے۔ہر نفس دوسرے نفس کے برابر ہے۔زندگی کا حق ہر ایک نفس کو حاصل ہے۔لہٰذا کسی ایک نفس کا قتل کرنا گویا تمام نفوس سے حق زندگی چھین لینے کے برابر ہے اس لئے حق حیات میں تمام نفوس شریک ہیں۔اسی طرح قتل سے تحفظ کا حق بھی تمام نفوس کو حاصل ہے اور زندگی کا بچانا سب کے لیے لازمی ہے۔چاہے حالت زندگی میں دفاع کیا جائے یا مرنے کے بعد قصاص جاری کر کے زندگی کا دفاع کیا جائے تاکہ مجرم دوسرے نفوس پر دست درازی نہ کرے۔کسی کی ناحق جان لینا نہایت ہی گھناؤنا جرم ہے۔بے گناہوں کو قتل کرنا،نہتھے لوگوں پر گولی برسانا،پیغمبر اسلام ﷺ کی تعلیمات کے خلاف ہے،ایسے ظالموں کو نبی کریم ﷺ اور ان کے دین سے کوئی مطلب نہیں ہے،ایسے لوگ قانون اسلام اور پیغمبر اسلام ﷺ کے باغی ہیں،کیوں کہ پیغمبر اسلام ﷺ اور قانون اسلام کا حکم یہ ہے کہ جس نے کسی کی زندگی بچائی،جیسے کسی کو قتل ہونے یا ڈوبنے یا جلنے یا بھوک سے مرنے وغیرہ اَسباب ہلاکت سے بچالیا تو اس نے گویا تمام انسانوں کو بچالیا۔یہ آیت مبارکہ اسلام کی اصل تعلیمات کو واضح کرتی ہے کہ اسلام کس قدر امن وسلامتی کا مذہب ہے اور اسلام کی نظر میں انسانی جان کی کس قدر اہمیت ہے۔اس سے ان لوگوں کو عبرت حاصل کرنی چاہئے جو اسلام کی اصل تعلیمات کو پس پشت ڈال کر دامنِ اسلام پر قتل وغارت گری کے حامی ہونے کا بدنما دھبا لگاتے ہیں اور ان لوگوں کو بھی نصیحت حاصل کرنی چاہئے جو مسلمان کہلا کر بے قصور لوگوں کو گولی مارتے ہیں،بم دھاکوں اور خودکش حملوں کے ذریعے موت کی نیند سلا کر یہ گمان کرتے ہیں کہ انہوں نے اسلام کی بہت بڑی خدمت سر انجام دے دی۔اللہ کے نزدیک ساری مخلوق یکساں ہے اور جو کسی بے قصور شخص کے قتل سے باز رہے اسے حرام جانے تو گویا اس نے تمام لوگوں کو زندگی بچائی،جس نے انسان کی جان بچائی مثلاً ڈوبتے کو نکال لیا،جلتے کو بچالیا ،کسی کو ہلاکت سے ہٹالیا۔اس لئے کہ یہ سب لوگ اس طرح سلامتی کے ساتھ رہیں گے۔امیر المومنین حضرت عثمان کو جب باغی گھیر لیتے ہیں،تو حضرت ابو ہریرہ ان کے پاس جاتے ہیں اور کہتے ہیں میں آپ کی طرف داری میں آپ کے مخالفین سے لڑنے کیلئے آیا ہوں،آپ ملاحظہ فرمائیے کہ اب پانی سر سے اونچا ہو گیا ہے،یہ سن کر معصوم خلیفہ نے فرمایا،کیا تم اس بات پر آمادہ ہو کہ سب لوگوں کو قتل کر دو،جن میں ایک میں بھی ہوں۔حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا نہیں نہیں،فرمایا سنو ایک کو قتل کرنا ایسا برا ہے جیسے سب کو قتل کرنا۔جاؤ واپس لوٹ جاؤ،میری یہی خواہش ہے اللہ تمہیں اجر دے اور گناہ نہ دے،یہ سن کر آپ واپس چلے گئے اور نہ لڑے۔مطلب یہ ہے کہ قتل کا اجر دنیا کی بربادی کا باعث ہے اور اس کی روک لوگوں کی زندگی کا سبب ہے۔حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں ایک مسلمان کا خون حلال کرنے والا تمام لوگوں کا قاتل ہے اور ایک مسلم کے خون کو بچانے والا تمام لوگوں کے خون کو گویا بچا رہا ہے۔ایک مسلمان کا خون حلال کرنے والا تمام لوگوں کا قاتل ہے اور ایک مسلم کے خون کو بچانے والا تمام لوگوں کے خون کو گویا بچا رہا ہے۔ایک مرتبہ حضرت حمزہ بن عبد المطلب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کوئی ایسی بات بتائیں کہ میری زندگی با آرام گزرے۔آپ ﷺ نے فرمایا کیا کسی کو مار ڈالنا تمہیں پسند ہے یا کسی کو بچالینا تمہیں محبوب ہے؟ جناب حمزہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا بچالینا،آپ ﷺ نے فرمایا بس اب اپنی اصلاح میں لگے رہو۔ایک شخص کے خلاف قتل کا یہ جرم پوری انسانیت کے خلاف جرم ہے کیونکہ کوئی شخص قتل ناحق کا ارتکاب اسی وقت کرتا ہے،جب اس کے دل سے انسان کی حرمت کا حساس مٹ جائے،ایسی صورت میں اگر اس کے مفاد یا سرشت کا تقاضا ہوگا تو وہ کسی اور کو بھی قتل کرنے سے دریغ نہیں کرے گا،اور اس طرح پوری انسانیت اس کی مجرمانہ ذہنیت کی زد میں رہے گی،نیز جب اس ذہنیت کا چلن عام ہو جائے تو تمام انسان غیر محفوظ ہو جاتے ہیں،لہٰذا قتل ناحق کا ارتکاب چاہے کسی کے خلاف کیا گیا ہو تمام انسانوں کو یہ سمجھنا چاہئے کہ یہ جرم ہم سب کے خلاف کیا گیا ہے۔دنیا میں نوع انسانی کی زندگی کا بقا منحصر ہے اس پر کہ ہر انسان کے دل میں دوسرے انسانوں کی جان کا احترام موجود ہو اور ہر ایک دوسرے کی زندگی کے بقاء وتحفظ میں مددگار بننے کا جذبہ رکھتا ہو۔جو شخص ناحق کسی کی جان لیتا ہے،وہ صرف ایک ہی فرد پر ظلم نہیں کرتا بلکہ یہ بھی ثابت کرتا ہے کہ اس کا دل حیات انسانی کے احترام سے اور ہمدردی نوع کے جذبہ سے خالی ہے،لہٰذا وہ پوری انسانیت کا دشمن ہے،کیونکہ اس کے اندر وہ صفت پائی جاتی ہے جو اگر تمام افراد انسانی میں پائی جائے تو پوری نوع کا خاتمہ ہو جائے۔اس کے برعکس جو شخص انسان کی زندگی کے قیام میں مدد کرتا ہے،وہ درحقیقت انسانیت کا حامی ہے،کیونکہ اس میں وہ صفت پائی جاتی ہے جس پر انسانیت کے بقاء کا انحصار ہے۔آخر میں! پہلگام دہشت گردانہ حملے کا سب سے خوفناک حصہ یہ ہے کہ دہشت گردوں نے ایک فرد سے اس کا مذہب پوچھا اور جب وہ ہندو پایا گیا تو اسے مار دیا گیا۔اس کے نقصان دہ اثرات ہو سکتے ہیں۔اگر ایسی سوچ غیر مسلم قوم کے ذہنوں میں داخل ہو جائے تو وہ ہمارے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ہمیں یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ بہت سے شعبوں میں ہم ان سے پیچھے ہیں۔ہم جتنا ان پر انحصار کرتے ہیں وہ ہم پر،اتنا انحصار نہیں کرتے ہیں۔مثال کے طور پر اگر ایک مسلمان مریض کو ہسپتال/نرسنگ ہوم میں لے جایا جائے تو کہیں اسے بھرتی لینے سے انکار نہ کر دے۔ایک پرائیویٹ ڈاکٹر ہمارا علاج کرنے سے انکار کر سکتا ہے۔ہمیں پرائیویٹ فرموں/کمپنیوں میں نوکریاں نہیں دی جاسکتیں۔لوگ ہم سے سامان خریدنے کا بائیکاٹ کر سکتے ہیں۔ہو سکتا ہے وہ ہمیں پروڈکٹس نہ بیچیں۔اور بھی بہت سی چیزیں ہو سکتی ہیں۔ہمیں اس سے آگاہ ہونا چاہیے۔شریعت اسلامیہ نے صرف تین صورتوں میں قتل کو جائز قرار دیا ہے۔(1)قتل کے بدلے قتل یعنی قصاص۔(2)شادی شدہ مرد یا عورت اگر زنا کرے تو حد قائم کرنے کی صورت میں انہیں رجم کر کے مار ڈالنا۔(3)ارتداد کے جرم میں قتل کرنا۔ان تینوں صورتوں کے علاوہ جو بھی قتل ہوگا وہ قتل ناحق اور فساد فی الارض کے ضمن میں ہی آئے گا اور ایسے ہی قتل کے متعلق یہ لکھا تھا کہ جس نے ایک آدمی کو بھی ناحق قتل کیا اس نے گویا سب لوگوں کو قتل کیا۔کیونکہ ایسا آدمی پوری انسانیت کا اور امن عامہ کا دشمن ہوتا ہے اور دوسرے لوگ بھی اسے یہ جرم کرتے دیکھ کر اس پر دلیر ہو جاتے ہیں لہٰذا اس جرم کی سزا کا اظہار ان الفاظ سے کیا گیا اور بنی اسرائیل چونکہ اس جرم کا ارتکاب کرتے رہتے تھے اس لیے بطور خاص ان الفاظ سے تنبیہ کی گئی ہے،اور اس جرم کے برعکس اگر کوئی شخص کسی کو مظلومانہ موت سے نجات دلا کر بچالیتا ہے تو وہ بھی اتنی ہی بڑی نیکی ہے کیونکہ ایسا شخص انسانیت کا ہمدرد اور امن عامہ میں ممد و معاون بنتا ہے۔قتل ناحق کے گناہ کا حصہ آدم کے پہلے بیٹے پر:۔سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص بھی مظلوم قتل ہوتا ہے تو اس کے خون کا گناہ آدم کے پہلے بیٹے پر بھی لادو دیا جاتا ہے کیونکہ وہی پہلا شخص ہے جس نے قتل کو جاری کیا۔(بخاری۔کتاب بدء الخلق باب اذ قال ربک للملٰئکۃ۔نیز کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ۔باب من دعا الی ضلالۃ مسلم۔کتاب القسامۃ باب اثم من سن القتل)۔سیدنا انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا مظلوم کی مدد تو ٹھیک ہے مگر ظالم کی کیسے مدد کریں؟ فرمایا ظلم سے اس کا ہاتھ پکڑ لو (بخاری۔کتاب المظالم۔باب اعن اخاک ظالما او مظلوما مسلم۔کتاب الفتن۔باب اذا توجہ المسلمان بسیفیھما)قرآن مجید میں انسان کی جان لینے کو پوری انسانیت کا قتل قرار دیا گیا ہے۔سورۃ المائدہ(آیت۔32)یہ آیت انسان کی جان کی حرمت اور اس کی قدر وقیمت کو واضح کرتی ہے۔اسلام میں کسی بے گناہ انسان کو قتل کرنا انتہائی بڑا گناہ ہے،اور کسی کی جان بچانا انتہائی بڑی نیکی۔

رابطہ:9968012976

صحت مند زندگی کے بنیادی اصول

ڈاکٹر سید آصف عمری
حیدرآباد

سب جانتے ہیں کہ تندرستی ہزار نعمت ہے،لیکن کتنے ایسے لوگ ہیں جو صحت کی فکر کرتے ہوں،صحت مند زندگی گزارنے کے اصول جانتے ہوں تو پتہ چلا کہ بہت سارے لوگ صحت کی نعمت اور اس کے اصول جانتے ہیں مگر اس پر توجہ نہیں دیتے۔طرز زندگی،غذا اور کام وآرام میں بے اعتدالی،بے ترتیبی اور بدنظمی سے گزارتے ہیں۔رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا''دو نعمتیں ایسی ہیں جن کے تعلق سے بہت سارے لوگ غفلت میں رہتے ہیں۔(ا)صحت)(۲)فرصت کے اوقات(صحیح بخاری)بیماری اور صحت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے مگر صحت مند زندگی گزارنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے کچھ اصول اور قاعدے قانون بنائے تاکہ انسان ان نعمتوں کی قدر کریں۔اگر انسان اس کے مطابق زندگی گزارے تو بہت حد تک بیماریوں سے محفوظ رہ سکتا ہے۔اگر اس کی خلاف ورزی کرتا ہے تو طرح طرح کی بیماریاں اس پر حملہ آور ہوتی ہیں اور بہت ساری مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ہم مسلمان ہیں اس لئے اسلامی نقطہ نظر او میڈیکل سائنس کی روشنی میں صحت مند زندگی کے اصول بیان کریں گے۔امید کہ قارئین حضرات اس پر عمل کر کے اپنی زندگی کو خوشگوار بنائیں گے اور صحت کی نعمت پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں گے۔اصبح جلد اٹھیں اور وضو کر کے نماز پڑھیں۔انسان وضو کرنے سے ہی تروتازہ ہو جاتا ہے۔اصبح کی سیر لازمی کرنی چاہئے۔صبح سانس کے ذریعہ تازہ آکسیجن پھیپھڑوں میں جاتی ہے جو انسان کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھتے ہے۔اصبح کا ناشتہ جلدی اور اپنے کام کے لحاظ سے کرنا چاہئے۔جو لوگ سارا دن کرسی پر بیٹھ کر کام کرتے ہیں انہیں ہلکا پھلکا ناشتہ کرنا چاہئے اور جو لوگ محنت مزدوری (Hard work) کرتے ہیں انہیں ٹھوس ناشتہ کرنا چاہئے۔ارات کا کھانا بھ جلدی کھانا چاہئے اور اس کے بعد تھوڑی چہل قدمی (Walking) کرنی چاہئے تاکہ پیٹ میں کوئی خرابی نہ ہو۔شدید تھکن،غصہ اور ٹینشن (Tension) کی حالت نہیں کھانا چاہئے۔اہمیشہ تھوڑی بھوک رکھ کر ہی کھانا کھانا چاہئے۔اغذا ہمیشہ صاف ستھری کھائیں۔اکھانے میں گوشت،دودھ،انڈے،پھل اور تازہ سبزیوں کا استعمال لازمی کرنا چاہئے۔اسبزیوں،پالک اور میتھی کا استعمال زیادہ کرنا چاہئے۔ادوپہر کے کھانے کے بعد دس منٹ کم از کم ضرور آرام (قیلولہ) کرنا چاہئے۔اصحت مند غذا،صاف ستھری اور تازہ ہو تو جسم میں خون پیدا کرتی ہے اور صحت مند خون کی وجہ سے انسان بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔اجتنا ممکن ہو اپنے آپ کو پریشانی (Depression) سے بچائیں۔اغم اور تفکرات زندگی میں آتے رہتے ہیں لیکن ان پر صبر وشکر سے مقابلہ کریں۔اغموں،پریشانیوں،دکھ،رنج کا علاج اللہ تعالیٰ کی یاد،عبادت اور توبہ واستغفار میں ہے۔ااپنے غصہ پر قابو پائیں کیوں کہ غصہ شریعت میں بھی ناجائز ہے اور صحت کے لئے بھی مضر ہے۔زیادہ غصہ Heart Attack اور دوسری بڑی بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔اصحت مند رہنے کے لئے روزانہ غسل کرنا چاہئے۔کوشش کریں کہ پانی نیم گرم (Warm Water) ہو۔ااسلامی نقطہ نظر سے مسلمانوں کو ہفتہ میں ایک بار روزہ رکھنا چاہئے۔یہ انسان کو مختلف بیماریوں سے بچاتا ہے۔اارشاد نبوی ہے روزانہ صبح نہار منہ ایک چمچہ شہد کھانے سے انسان تقریباً 90 فیصد بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔انہار منہ کھجور کھانے سے پیٹ کے کیڑے ختم ہو جاتے ہیں اور جگر اتنا مضبوط ہو جاتا ہے کہ جسم میں زہر بھی ہو تو ختم ہو جاتا ہے۔انماز پانچ وقت باقاعدگی سے ادا کریں اس سے نہ صرف اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے بلکہ انسان میں بردباری،نظم وضبط پیدا ہو جاتا ہے اور انسان بہت ساری برائیوں سے دور ہو جاتا ہے اور زندگی میں سکون ملتا ہے۔اانسان جس قدر سادگی اور میانہ روی،اعتدال پسند ہوگا اتنا ہی ذہنی وجسمانی طور پر صحت مند رہے گا۔ااچھے لوگوں سے میل ملاقاتیں بڑھائیں اور اچھے ماحول میں رہیں یہ صحت مند زندگی کا ضامن ہے۔اہمیشہ دوسروں کو خوشیاں دیں جب آپ دوسروں کو خوشیاں دیں گے تو آپ بھی خوش رہیں گے اس سے تندرستی میں اضافہ ہوگا۔انشہ آور اشیاء سے پرہیز کریں کیوں کہ یہ چیزیں وقتی سکون تو دے سکتی ہے مگر روحانی وجسمانی صحت برباد کر دیتی ہیں۔اکثرت سے چائے نوشی نہ کریں۔ااپنی غذا میں کیمیائی طور پر تیار کی ہوئی غذا جیسے کارپٹ سے پکی ہوئی غذائیں،بازاروں میں تیار کی جانے والی غذا Fast Food اور کیمیکل سے تیار ہونے والے دودھ،تیل،پھل وغیرہ انتہائی خطرناک اور صحت کو تباہ کرنے والی چیزیں ہیں سے بچیں۔اسفید چینی صحت کی دشمن ہے،اگر استعمال کرنا ہو تو شکر اور گڑ استعمال کریں۔اصحت مند رہنے کے لئے ہر قسم کی زیادتی سے بچیں۔جیسے زیادہ کھانا،زیادہ سونا،زیادہ باتیں کرنا اور لوگوں میں زیادہ میل جول اور ہر وقت بس باتیں کرتے رہنا۔چرب زبانی بہت خطرناک ہے۔اآٹا بغیر چھنا ہوا استعمال کریں یہ کینسر سے بچاتا ہے۔ابڑے گوشت کے بجائے چھوٹا گوشت استعمال کریں۔چربی کا استعمال کم سے کم کریں۔امصنوعی رنگ اور خوشبو پیدا کرنے والی اشیا ترک کر دیں۔اسگریٹ،گٹکھا،زردہ،کا استعمال یقیناً پھیپھڑوں کے امراض،دمہ اور کینسر پیدا کرتا ہے۔اسل فون کا غلط استعمال بھی صحت کے لئے بہت مضر ہے۔گندی اور فحش چیزوں کے دیکھنے سے اخلاق بھی بگڑتے ہیں اور جنسی کمزوری بھی بڑھ جاتی ہے۔جس کی وجہ سے بہت سارے نوجوان لڑکے لڑکیاں شادی سے پہلے ہی ناکارہ ہو چکے ہیں۔ازیادہ ایلوپیتھی دوائیں استعمال کرنے کے عادی نہ بنیں۔صحت کو برقرار رکھنے کے لئے طب نبوی کے نایاب نسخے جیسے شہد،زیتون،کلونجی،کھجور کا استعمال رکھیں۔غذا معتدل،پاک صاف،حلال اور عمدہ کھائیں۔غذا کے صحیح استعمال سے،بہت ساری خطرناک بیماریوں سے محفوظ رکھتے ہیں۔

شریعت سے کھلواڑ کرنا نہ چاہیے

محمد سعود عالم رضا آروی

سرکار کو شریعت سے کھلواڑ کرنا نہ چاہیے
سیاست دانوں کو شریعت کا احترام کرنا چاہیے
شریعت کے قانون کے خلاف قدم نہ اٹھائیے
خدا کے عذاب وقہر سے بچنے کی کوشش تو کیجئے
مسلمانوں کے جذبات کا احترام کرنا تو سیکھیے
وقف ترمیمی قانون پر دخل دینا تو چھوڑیئے
اکثر رہزنوں کی رہزنی ہوتی ہے راہوں میں
سفید پوشوں کی رہزنی ہے سیاست کے میدانوں میں
مسلمانوں کی آواز اٹھی ہے ناجائز حرکتوں پر
لٹیروں کی للچائی نظر ہے مسلم اداروں پر
کیا میسر نہیں ہے لٹیروں کو نان وروٹی
کیا بنانے کا ارادہ ہے مسلم جاگیر کو اپنی
کوئی کالا چور ہے کوئی سفید پوش چور ہے
کوئی مساجد وں کوئی مدارسوں خانقاہوں کو لوٹنے میں مجبور ہے
امن وشانتی میں قہر برپا نہ کیجئے
انسانیت پر سبھی کو جینے تو دیجئے
قہر برپا کرنے کا منصوبہ بنتا ہے فرقہ پرستوں کے ذہن میں
پٹاخہ پھوٹنے کی آواز آتی ہے محلوں میں میدانوں میں
مال مہاراج کا مرزا کھیلیں گے ہولی
سنسد میں دیکھیے کیسی ہے ہٹ دھرمی
مسلمانوں کے جذبات کا احترام کہاں ہے
وقف ترمیمی تین طلاق قانون کا کھیل یہاں ہے
حق انصاف کی باتوں پر پابندی یہاں ہے
عدالت عظمیٰ (S.C) کے فیصلوں کا احترام کہاں ہے
کاش ہوتا ہے ان سیاست دانوں کا ذہن روشن ستاروں کی طرح
زباں ہوتی شیریں کردار ہوان کا جوالا مکھی کی طرح
بخدا جس قوم سے خدا ناراض ہوتا ہے
خدا اس قوم کو گونگا بہرا اندھا بنا دیتا ہے
قلب ودماغ کو سلب کر دیتا ہے خدا
حکومت کے نشے میں خدا کو بھول جاتا ہے بندہ
ظالم شاطر قوم ابراہا،نمرود وفرعون کی تاریخ بھول گئے لوگ
معصوم بے گناہوں کو اتنا نہ ستاؤ ان کے آہ وبکا سے بچ کر چلو لوگ

نیاٹولی، پتھل کدوا، رانچی

پہلگام حملہ یا آبی سفارت کاری کا نیا رخ؟

محمد فداء المصطفیٰ قادری
گڈگری اسکالر: جامعہ دارالہدیٰ اسلامیہ، ملاپورم، کیرالا

پہلگام حملے کے بعد بھارت نے فوری طور پر ایک سخت قدم اٹھایا ہے،جس کے تحت اس نے پاکستان کے ساتھ 1960 میں ہونے والے انڈس واٹر ٹریٹی معاہدے کو معطل کر دیا ہے۔یہ اقدام نہ صرف دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی میں اضافے کی علامت ہے بلکہ ایک نئی آبی سفارتی جنگ کی شروعات بھی ہو سکتا ہے۔اس فیصلے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت اب صرف احتجاج اور مذمت پر اکتفا کرنے کے بجائے عملی کارروائی کا راستہ اختیار کر چکا ہے۔پہلگام حملے کو دہشت گردی کا سنگین واقعہ قرار دیتے ہوئے بھارتی حکومت نے واضح کیا ہے کہ وہ اب پاکستان کی مبینہ سرحد پار دہشت گردی کو برداشت نہیں کرے گی۔انڈس واٹر ٹریٹی کو معطل کرنا ایک ایسا غیر معمولی اقدام ہے جس کی نظیر ماضی میں نہیں ملتی،کیونکہ اس معاہدے نے تین جنگوں،کارگل تنازع اور پلوامہ حملے جیسے شدید واقعات کے باوجود اپنا تسلسل برقرار رکھا تھا۔انڈس واٹر ٹریٹی اپنی نوعیت کا منفرد معاہدہ ہے جو عالمی بینک کی نگرانی میں طے پایا تھا اور جس کے تحت بھارت کو مشرقی دریاؤں (راوی،بیاس،ستلج) کا کنٹرول جبکہ پاکستان کو مغربی دریاؤں (سندھ،جہلم،چناب) کا پانی دیا گیا تھا۔اس معاہدے کی خاص بات یہ ہے کہ اس نے پانی کو ایک ایسا غیر متنازعہ موضوع بنایا جس پر دونوں ممالک نے دہائیوں تک اختلاف کے باوجود بھی عمل درآمد جاری رکھا۔اب بھارت کی طرف سے اس معاہدے کی معطلی درحقیقت ایک نئے قسم کی محاذ آرائی کو جنم دے رہی ہے،جہاں پانی کو سیاسی اور تزویراتی دباؤ کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔بھارت نے نہ صرف پانی کے معاہدے کو معطل کیا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ دیگر کئی اقدامات بھی کیے جو اس کے سخت گیر ردعمل معلوم ہوتی ہے۔بھارت نے اٹاری واہگہ بارڈر کو بند کر دیا ہے جو دونوں ممالک کے درمیان محدود زمینی رابطے کا واحد ذریعہ تھا۔مزید برآں،پاکستانی شہریوں پر ویزہ پابندیاں عائد کر دی گئی ہیں اور بھارتی سرزمین پر موجود پاکستانی سفارتی عملے کو ملک چھوڑنے کا حکم دیا گیا ہے۔یہ تمام اقدامات اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ بھارت اب پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور وہ تمام تر سفارتی اور معاشی راستے بند کرنا چاہتا ہے۔پاکستان پر انڈس واٹر ٹریٹی کی معطلی کے کئی سنگین اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔پاکستان ایک زرعی ملک ہے،جہاں پنجاب،سندھ اور خیبر پختونخوا کے لاکھوں کسان مغربی دریاؤں پر انحصار کرتے ہیں۔اگر ان دریاؤں کے پانی کا بہاؤ روکا گیا یا محدود کیا گیا تو فصلوں کی پیداوار متاثر ہوگی،خوراک کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا اور دیہی معیشت کو شدید دھچکا پہنچے گا۔صرف زراعت ہی نہیں،بلکہ توانائی کے شعبے پر بھی گہرے اثرات مرتب ہوں گے کیونکہ پاکستان کی ایک بڑی بجلی پن بجلی گھروں سے پیدا ہوتی ہے جو انہی دریاؤں پر قائم ہیں۔تربیلا،منگلا اور نیلم جہلم جیسے منصوبے براہ راست متاثر ہوں گے،جس سے نہ صرف لوڈشیڈنگ بڑھے گی بلکہ صنعتی ترقی بھی رُک سکتی ہے۔معاشی بحران کے ساتھ ساتھ یہ صورتحال سماجی اور سیاسی عدم استحکام کا بھی سبب بن سکتی ہے۔اگر عوام کو پینے کا پانی،فصلوں کے لیے آبپاشی،اور روزمرہ کے استعمال کے لیے پانی دستیاب نہ ہوا تو شہروں اور دیہاتوں میں بے چینی پھیل سکتی ہے۔احتجاج،دھرنے،اور سیاسی تناؤ ایک فطری نتیجہ ہوگا۔اس کے علاوہ پاکستان کے اندر صوبوں کے درمیان بھی آبی تنازعات ابھر سکتے ہیں،خاص طور پر جب پانی کی تقسیم مزید محدود ہو جائے۔ماحولیاتی اعتبار سے بھی صورتحال انتہائی خطرناک ہو سکتی ہے کیونکہ دریا خشک ہونے سے زیر زمین پانی کی سطح مزید نیچے چلی جائے گی،جنگلات سکڑ جائیں گے،اور آبی حیات تباہ ہو جائے گی۔بھارت کے اس فیصلے پر عالمی سطح پر بھی ردعمل دیکھنے کو ملا ہے۔اقوام متحدہ،عالمی بینک،اور بین الاقوامی آبی ماہرین نے اس اقدام پر تشویش کا اظہار کیا ہے کیونکہ پانی کو بنیادی انسانی حق تسلیم کیا جاتا ہے۔عالمی سطح پر اس بات کا اندیشہ پیدا ہو گیا ہے کہ اگر بھارت نے ایسا راستہ اختیار کیا تو دیگر ممالک بھی پانی کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے لگیں گے۔اس سے بین الاقوامی قوانین اور اصولوں کو شدید نقصان پہنچے گا۔اقوام متحدہ کے چارٹر میں واضح طور پر درج ہے کہ آبی وسائل کو بنیادی انسانی ضروریات سے جوڑا جائے،نہ کہ سیاسی انتقام سے۔پاکستان کی جانب سے بھارت کے اس فیصلے پر سخت ردعمل سامنے آیا ہے۔پاکستان نے اسے "آبی دہشت گردی" قرار دیتے ہوئے عالمی عدالت انصاف اور اقوام متحدہ میں جانے کا عندیہ دیا ہے۔اس کے علاوہ عالمی بینک سے باضابطہ شکایت درج کروائی گئی ہے تاکہ بھارت پر دباؤ ڈالا جا سکے کہ وہ معاہدے کی پاسداری کرے۔پاکستان کی یہ کوشش ہوگی کہ وہ اسلامی ممالک،چین،ترکی،اور دیگر دوست ممالک کی حمایت حاصل کرے تاکہ بھارت پر سفارتی دباؤ ڈالا جا سکے۔تاہم،اس میں کامیابی اس بات پر منحصر ہے کہ عالمی طاقتیں اس معاملے کو کس حد تک سنجیدگی سے لیتی ہیں۔مجموعی طور پر یہ صورتحال جنوبی ایشیا کے لیے ایک سنگین خطرے کی گھنٹی ہے۔اگر انڈس واٹر ٹریٹی کا خاتمہ مستقل بنیادوں پر کیا گیا تو نہ صرف پاکستان بلکہ خطے کے لیے ایک بڑا انسانی بحران جنم لے سکتا ہے۔پانی کے مسئلے پر اگر دونوں ممالک میں کشیدگی بڑھی تو اس کا نتیجہ ایک آبی جنگ کی صورت میں بھی نکل سکتا ہے۔اس وقت عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ فوری طور پر اس معاملے میں مداخلت کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ پانی کو کبھی بھی سیاسی دباؤ یا انتقام کے ہتھیار کے طور پر استعمال نہ کیا جائے۔بھارت کا یہ فیصلہ صرف ایک ملک کے خلاف کارروائی نہیں بلکہ ایک خطرناک نظیر ہے جو دنیا کے مستقبل کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔

رابطہ نمبر:9037099731

جے این یو طلبہ یونین انتخابات:
بائیں بازو کی تقسیم کے درمیان 70 فیصد ووٹنگ، نتائج 28 اپریل کو

نئی دہلی 26 اپریل:: راجدھانی دہلی کی معروف جامعہ، جواہر لال نہرو یونیورسٹی (جے این یو) میں جمعہ کو طلبہ یونین (جے این یو ایس یو) کے انتخابات بالآخر مکمل ہو گئے۔ اس بار انتخابات تاخیر کا شکار رہے مگر جمعہ کو کیمپس میں ووٹنگ کے دوران طلبہ نے جوش وخروش کا مظاہرہ کرتے ہوئے تقریباً 70 فیصد ٹرن آؤٹ درج کرایا۔ ووٹنگ کا عمل دو مرحلوں میں مکمل ہوا، جو صبح 9 بجے سے دوپہر ایک بجے تک اور پھر دوپہر 2:30 سے شام 5:30 بجے تک جاری رہا۔ کیمپس میں 17 پولنگ بوتھ قائم کیے گئے تھے۔ انتخابات کے نتائج 28 اپریل کو جاری کیے جائیں گے، جن کے بعد مرکزی پینل کے لیے صدر، نائب صدر، جنرل سکریٹری اور جوائنٹ سکریٹری منتخب کیے جائیں گے، جب کہ مختلف اسکولوں کے لیے 44 کونسلرز کا انتخاب ہوگا۔ یونیورسٹی کا انتخابی عمل عام طور پر مارچ میں مکمل ہو جاتا ہے، مگر متعدد رکاوٹوں کے باعث اس میں تاخیر ہوئی۔ سب سے بڑی تبدیلی بائیں بازو کی جماعتوں میں دراڑ ہے، جس کی وجہ سے

روایتی اتحاد ٹوٹ گیا۔ آل انڈیا اسٹوڈنٹس ایسوی ایشن (اے آئی ایس اے) نے ڈیموکریٹک اسٹوڈنٹس فیڈریشن (ڈی ایس ایف) کے ساتھ اتحاد کیا ہے، جب کہ اسٹوڈنٹس فیڈریشن آف انڈیا (ایس ایف آئی)، برسا امبیڈکر پھولے اسٹوڈنٹس ایسوی ایشن (بی اے پی ایس اے)، آل انڈیا اسٹوڈنٹس فیڈریشن (اے آئی ایس ایف) اور پروگریسیو اسٹوڈنٹس ایسوی ایشن (پی ایس اے) نے الگ الگ امیدوار میدان میں اتارے ہیں۔ اے آئی ایس اے-ڈی ایس ایف اتحاد نے نتیش کمار کو صدر، منیشا کو نائب صدر، منتہیٰ فاطمہ کو جنرل سکریٹری اور نریش کمار کو جوائنٹ سکریٹری کے عہدے کے لیے نامزد کیا ہے۔ دوسری جانب ایف ایف آئی، بی اے پی ایس اے-اے آئی ایس ایف-پی ایس اے کے اتحاد نے چودھری طیبہ احمد کو صدارتی امیدوار، سنتوش کمار کو نائب صدر، رام نواس گرجر کو جنرل سکریٹری اور نگم کماری کو جوائنٹ سکریٹری کے لیے نامزد کیا ہے۔ اکھل بھارتیہ ودیارتھی پریشد (اے بی وی پی) نے بھی پورا پینل میدان میں اتارا ہے، جس میں شکھا سواراج صدر، نٹو گوتم نائب صدر، کنال رائے جنرل سکریٹری اور ویبھو مینا جوائنٹ سکریٹری کے امیدوار ہیں۔ طلبہ کے درمیان اس بار شدید تذبذب پایا جا رہا ہے۔ اسکول آف لینگویج، لٹریچر اینڈ کلچر اسٹڈیز (ایس ایل ایل اینڈ سی ایس) سے ماسٹرز کی طالبہ رانی کماری کا کہنا ہے کہ 'عمومی طور پر جے این یو میں بائیں بازو کی پوزیشن مضبوط ہوتی ہے، مگر اس بار تقسیم کی وجہ سے ووٹ بٹ سکتے ہیں اور اے بی وی پی کو فائدہ مل سکتا ہے۔'' ایک طالبہ نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کہا، ''اس بار اسکول جنرل باڈی میٹنگز تک نہیں ہوئیں۔ میں نے پانچ انتخابات دیکھے ہیں، مگر اس بار شفافیت کم محسوس ہوئی۔'' پی ایچ ڈی کی طالبہ دھاتری کے مطابق ''اے آئی ایس اے نے گزشتہ برسوں میں کئی مثبت تبدیلیاں کیں، جیسے بند بارک ہاسٹل کو کھلوانا اور طلبہ کے خلاف تحقیقات رکوانا۔ اس لیے میرا خیال ہے کہ اے آئی ایس اے-ڈی ایس ایف کو اچھا موقع حاصل ہے۔'' نتائج کے حوالے سے کیمپس میں بے چینی ہے اور سب کی نظریں اب 28 اپریل پر مرکوز ہیں۔

پہلگام حملہ:
نشی کانت دوبے کے نجی پروگرام میں سکیورٹی انتظامات پر سوالات

پہلگام 26 اپریل: جموں و کشمیر کے پہلگام میں 22 اپریل کو ہونے والے دہشت گرد حملے میں 26 سیاح اور ایک مقامی شخص جان بحق ہو گئے، جس کے بعد مقامی سطح پر سکیورٹی کی غفلت اور انتظامات کی کمی پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ دریں اثنا، بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ نشی کانت دوبے کے گلمرگ میں منعقدہ نجی پروگرام میں زبردست سکیورٹی پر بھی سوال اٹھ رہے ہیں۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ عام شہریوں کو اس سطح کی حفاظت فراہم نہیں کی جا سکتی، تو ایک وی آئی پی کے لیے اتنی سخت سکیورٹی کیوں دی گئی؟ انڈین ایکسپریس کی رپورٹ کے مطابق، بی جے پی کے ایم پی نشی کانت دوبے نے گلمرگ میں اپنی شادی کی 25 ویں سالگرہ کی تقریب منائی تھی، جس میں کئی سیاستدانوں کو مدعو کیا گیا

تھا۔ تقریب کے لیے انتہائی سخت سکیورٹی انتظامات کیے گئے تھے۔ اس کے برعکس، پہلگام میں سیاحوں کے تحفظ کے لیے اتنے ٹھوس انتظامات نظر نہیں آئے، جس نے عوامی سطح پر سکیورٹی کی ترجیحات پر سوالات اٹھا دیے۔ سوشل میڈیا پر اس پر شدید ردعمل دیکھنے کو ملا ہے۔ کئی صارفین نے سوال کیا ہے کہ جب ایک بی جے پی رہنما کے لیے اتنی کڑی سکیورٹی فراہم کی جا سکتی ہے، تو پھر عام سیاحوں کے لیے حفاظتی انتظامات کیوں نہیں کیے گئے؟ ایک ایکس صارف نے لکھا، ''نشی کانت دوبے گلمرگ میں اپنی سالگرہ کے لیے سخت سکیورٹی کے ساتھ موجود تھے اور 26 عام لوگ دہشت گردوں کے ہاتھوں مارے گئے۔ کیا سکیورٹی صرف بی جے پی رہنماؤں کے لیے ہے؟'' رپورٹ کے مطابق کچھ بی جے پی رہنماؤں نے اس معاملے پر تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا، مگر ان کی جماعت میں یہ سوال اٹھایا جا رہا ہے کہ حساس علاقوں میں اس نوعیت کی نجی تقاریب کے لیے سکیورٹی کے انتظامات پر واضح ہدایات ہونی چاہئیں۔ دوسری جانب، اپوزیشن جماعتوں نے سکیورٹی کی غفلت اور اس حملے کو شدید اہمیت کے ساتھ اٹھایا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا کہ 24 اپریل کو ایک مشترکہ اجلاس میں مرکزی وزیر داخلہ، امت شاہ نے یہ تسلیم کیا کہ پہلگام حملے کے دوران سکیورٹی میں کچھ چوک ہو سکتی ہے اور انہوں نے اس کی تحقیقات کا وعدہ کیا۔

کیلاش مانسرووریاترا چھ سال بعد دوبارہ شروع ہونے جارہی ہے

نئی دہلی، 26 اپریل (یو این آئی) تبت میں کیلاش مانسرووریاترا چھ سال بعد دوبارہ شروع ہونے جا رہی ہے اور وزارت خارجہ نے اس کے لیے رجسٹریشن شروع کر دیا ہے۔ وزارت خارجہ نے آج یہاں کہا کہ کیلاش مانسرووریاترا کا اہتمام جون سے اگست کے دوران کیا جائے گا۔ اس سال 50-50 یاتریوں کی کل 15 کھیپیں جائیں گی، جن میں سے پانچ کھیپ اتراکھنڈ کے لیپولیکھ پاس سے اور 10 کھیپ سکم میں نتھو لا پاس کے راستے جائیں گے۔ لیپولیکھ پاس سے گزرنے میں 22 دن اور نتھو لا پاس سے 21 دن لگیں گے۔ وزارت خارجہ نے کیلاش مانسرووریاترا کے لیے بنائی گئی خصوصی ویب سائٹ کے ایم وائی۔ گورنمنٹ۔ آئی ان پر رجسٹریشن شروع کر دیا ہے۔ مسافروں کا انتخاب ایک منصفانہ، کمپیوٹر سے تیار کردہ، بے ترتیب اور صنفی توازن کے انتخاب کے عمل کے ذریعے درخواست دہندگان سے کیا جائے گا۔ اتراکھنڈ کے راستے سفر کرنے والے مسافروں کو اب پیدل نہیں چلنا پڑے گا۔ لیپولیکھ پاس تک سڑک بنائی گئی ہے۔ یاتریوں کو سرحد پار کرنے کے لیے صرف ایک کلومیٹر پیدل چلنا پڑے گا۔ سفر کے اخراجات کے بارے میں ویب سائٹ میں کہا گیا ہے کہ اتراکھنڈ کے راستے جانے والے راستے کے لیے فی مسافر تقریباً ایک لاکھ 74 ہزار روپے اور سکم کے راستے سفر کرنے والوں کے لیے دو لاکھ 83 ہزار روپے وصول کیے جائیں گے۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ سفر کے انتخاب تک آن لائن درخواست سے شروع ہونے والا پورا عمل مکمل طور پر کمپیوٹرائزڈ عمل ہے۔ اس لیے درخواست دہندگان کو معلومات حاصل کرنے کے لیے خطوط یا فیکس بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ویب سائٹ پر تاثرات کے اختیارات معلومات حاصل کرنے، تبصرے درج کرنے یا بہتری کے لیے تجاویز پیش کرنے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

موسمی چٹرجی نے رومانوی اداؤں سے فلم بینوں کو دیوانہ بنایا

بالی ووڈ 26 اپریل 26 اپریل 1953 کو کولکتہ میں پیدا ہوئیں موسمی چٹرجی نے اپنی فلمی زندگی کا آغاز سال 1967 کی بنگلہ فلم بالیکا ودھو سے کیا تھا۔ ان کی یہ فلم باکس آفس پر سپر ہٹ ثابت ہوئی۔ موسمی چٹرجی نے بالی ووڈ میں اپنے فلمی کیریئر کا آغاز سال 1972 کی فلم انوراگ سے کیا۔ اس فلم میں موسمی چٹرجی کے ہیرو ونود مہرا تھے۔ شکتی سامنت کی ہدایت میں بنی انوراگ میں موسمی چٹرجی نے نابینا لڑکی کا کردار ادا کیا تھا۔ کیریئر کے آغاز میں اس طرح کا کردار ادا کرنا کسی بھی نئی اداکارہ کے لئے چیلنج سے بھرپور ہو سکتا تھا لیکن موسمی نے اپنی سنجیدہ اداکاری سے ناظرین کو بے حد مسحور کیا۔ اس فلم کے لیے انہیں بہترین اداکارہ کے لئے فلم فیئر ایوارڈ کے لئے نامزد کیا گیا تھا۔ سال 1974 میں موسمی چٹرجی نے روٹی کپڑا اور مکان اور بے نام جیسی سپر ہٹ فلموں میں اداکاری کی۔ روٹی کپڑا اور مکان کے لیے موسمی چٹرجی کو بہترین معاون اداکارہ کے لئے فلم فیئر ایوارڈ سے نوازا گیا۔ سال 1976 میں ان کی ایک اور سپر ہٹ فلم سب سے بڑا روپیہ ریلیز ہوئی۔ اس فلم میں ایک بار پھر موسمی چٹرجی اور ونود مہرا کی جوڑی کو بہت پسند کیا گیا۔ موسمی چٹرجی کے کیریئر میں ان کی جوڑی سب سے زیادہ ونود مہرا کے ساتھ پسند کی گئی۔ اس کے علاوہ انہوں نے سنجیو کمار، جتیندر، راجیش کھنہ، ششی کپور، امیتابھ بچن جیسے سپر ہٹ اداکاروں کے ساتھ بھی کام کیا ہے۔ انہوں نے ہندی فلموں کے علاوہ کئی بنگلہ فلموں میں بھی اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے۔ ان کی کچھ دیگر قابل ذکر فلموں میں کچے دھاگے، زہریلا انسان، سورگ نرک، پھول کھلے ہیں گلشن گلشن، مانگ بھرو سجنا، جیوتی بنے جوالا، داسی، انگور، گھر ایک مندر، گھائل، سنتان، جلاد، قریب، زندگی راکس وغیرہ شامل ہیں۔

ملازمت کی تبدیلی پر پی ایف ٹرانسفر کا عمل مزید آسان، ڈیسٹی نیشن آفس کی منظوری کی شرط ختم

نئی دہلی 26 اپریل: ایمپلائز پراویڈنٹ فنڈ آرگنائزیشن (ای پی ایف او) نے ملازمت تبدیل کرنے والوں کے لیے پی ایف اکاؤنٹ ٹرانسفر کے عمل کو مزید آسان بنا دیا ہے۔ اب کسی بھی ملازم کو نوکری بدلنے پر ای پی ایف اکاؤنٹ منتقل کرانے کے لیے منزل یعنی نئے ادارے کے دفتر کی منظوری کی ضرورت نہیں پڑے گی، بلکہ صرف سابق دفتر (سورس آفس) کی منظوری ہی کافی ہوگی۔ ای پی ایف او نے جمعہ کو ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے فارم 13 میں تبدیلی کی ہے۔ اس قدم کے تحت، اب ایک بار جب سورس آفس کی طرف سے کلیم منظور کر لیا جائے گا، تو اکاؤنٹ خودکار طریقے سے نئے دفتر کے ساتھ جڑے ای پی ایف او اکاؤنٹ میں منتقل ہو جائے گا۔ ای پی ایف او نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس تبدیلی کا مقصد اکاؤنٹ ٹرانسفر کے عمل کو تیز اور سہل بنانا ہے۔ نئے اصولوں کے مطابق، اب ڈیسٹینیشن آفس کی منظوری کی ضرورت ختم کر دی گئی ہے۔ اس کے لیے ای پی ایف او نے فارم 13 کے سافٹ ویئر کو بھی نئے انداز میں پیش کیا ہے تاکہ سارا عمل ڈیجیٹل اور شفاف ہو جائے۔ اس فیصلے سے ملک بھر کے تقریباً 1.25 کروڑ ای پی ایف او اراکین کو فائدہ پہنچے گا۔ ہر سال قریب 90 ہزار کروڑ روپے کے پی ایف فنڈز ایک اکاؤنٹ سے دوسرے اکاؤنٹ میں منتقل کیے جاتے ہیں۔ نئے نظام سے یہ عمل نہ صرف تیز ہوگا بلکہ ملازمین کے لیے پریشانی سے پاک بھی ہوگا۔ صرف یہی نہیں، ای پی ایف او نے یو اے این (یونیورسل اکاؤنٹ نمبر) جاری کرنے کے عمل کو بھی آسان بنا دیا ہے۔ اب آجر (ایمپلائرز) کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ آدھار کی کچھ شرائط میں نرمی کے بعد، اپنی کمپنی کی آئی ڈی اور دستیاب معلومات کی بنیاد پر بلک میں یو اے این جاری کر سکیں گے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ ملازمین کے پی ایف اکاؤنٹس میں جلد از جلد رقم جمع ہو سکے اور ان کے مستقبل کی مالی منصوبہ بندی متاثر نہ ہو۔ ای پی ایف او مسلسل اپنے سسٹمز کو بہتر بنانے کی کوشش میں ہے تاکہ نہ صرف ممبرز بلکہ آجرین کو بھی سہولت ملے۔ ادارے کا کہنا ہے کہ وہ ڈیجیٹلائزیشن اور اصلاحات کے ذریعے پی ایف کے تمام امور کو تیز رفتار اور شفاف بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ یہ نیا قدم خاص طور پر ان لوگوں کے لیے بڑی راحت لے کر آیا ہے جو نجی شعبے میں کام کرتے ہیں اور اکثر ایک کمپنی سے دوسری کمپنی میں ملازمت تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ اب انہیں بار بار پی ایف اکاؤنٹ ٹرانسفر کے لیے کسی دفتر کے چکر نہیں لگانے پڑیں گے، بلکہ سارا عمل آسانی سے آن لائن مکمل ہو جائے گا۔

شمالی سکم میں شدید لینڈ سلائڈنگ، 57 سیاح ریسکیو آپریشن میں بحفاظت نکالے گئے

سکم 26 اپریل: شمال مشرقی ریاست سکم کے پہاڑی علاقے میں شدید بارش کے بعد جمعے کی شب ایک خطرناک لینڈ سلائڈنگ کے نتیجے میں شمالی سکم ہائی وے پر درجنوں سیاح پھنس گئے تھے۔ تاہم، اطلاع ملتے ہی سکم پولیس نے فوری ریسکیو آپریشن شروع کیا اور 57 سیاحوں کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ یہ حادثہ شمالی سکم میں واقع مشہور سیاحتی مقامات چنگ تھانگ اور لاچنگ کے درمیان پیش آیا۔ یہ علاقہ نہایت دشوار گزار اور غیر مستحکم زمین پر مشتمل ہے، جہاں بارش کے دوران اکثر اس طرح کے خطرات پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ لینڈ سلائڈنگ کے باعث مرکزی سڑک بند ہو گئی، جس کی وجہ سے متاثرہ سیاحوں کا بیرونی دنیا سے رابطہ منقطع ہو گیا۔ سکم پولیس نے مقامی انتظامیہ اور ایمرجنسی سروسز کے ساتھ مل کر فوری طور پر ریسکیو آپریشن شروع کیا۔ بھاری مشینری کی مدد سے ملبہ ہٹانے کا کام جاری ہے تاکہ سڑکوں کو صاف کر کے عام آمد و رفت بحال کی جا سکے۔ حکام کے مطابق، گنگٹوک سے شمالی سکم کا زمینی رابطہ بھی متاثر ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق، لاچنگ کے علاقے میں شدید بارشوں کے سبب سڑکیں مکمل طور پر بند ہو گئیں اور مزید ایک ہزار سے زائد سیاح وہاں پھنس گئے۔ ان کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے حفاظتی اقدامات کیے گئے اور متاثرہ مقامات پر امدادی ٹیمیں تعینات کی گئیں۔ پولیس اور انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ موسم کی خرابی اور زمینی صورتحال کو دیکھتے ہوئے غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ ریسکیو ٹیموں کو رات کے وقت کام کرنے میں دشواریوں کا سامنا رہا، کیونکہ اندھیرے اور پھسلن کی وجہ سے خطرات مزید بڑھ گئے تھے۔ صورتحال کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے سکم پولیس کے پرمٹ سیل نے فوری طور پر فیصلہ کیا ہے کہ شمالی سکم کے لیے کوئی نیا سیاحتی پرمٹ جاری نہیں کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ عوام کی سلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے احتیاطی تدبیر کے طور پر لیا گیا ہے۔ سکم میں پہلے بھی اس نوعیت کے حادثات پیش آ چکے ہیں، کیونکہ یہ ریاست ایک فعال ماحولیاتی خطے میں واقع ہے جہاں زمین کی حرکت، بارش اور لینڈ سلائڈنگ معمول کی بات ہے۔ مگر حالیہ برسوں میں سیاحت کے فروغ نے ان خطرات کو مزید بڑھا دیا ہے۔

نوجوان ملک کی ترقی اور کامیابی کی بنیاد ہیں: مودی

نئی دہلی 26 اپریل (یو این آئی) وزیراعظم نریندر مودی نے نوجوانوں کو ملک کی ترقی اور کامیابی کی بنیاد بتاتے ہوئے کہا ہے کہ قوم کی تعمیر میں ان کی فعال شرکت سے قوم تیزی سے ترقی کرتی ہے اور عالمی سطح پر اپنی شناخت قائم کرتی ہے۔ مسٹر مودی نے آج یہاں ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ روزگار میلے سے خطاب کیا اور مختلف سرکاری محکموں اور تنظیموں میں 51,000 سے زیادہ نو تعینات نوجوانوں کو تقرری نامے تقسیم کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ان نوجوانوں کے لیے نئی ذمہ داریاں شروع ہو گئی ہیں جن میں ملک کے معاشی ڈھانچے کو مضبوط کرنا، داخلی سلامتی کو مضبوط بنانا، جدید انفراسٹرکچر کی تعمیر میں کردار ادا کرنا اور محنت کشوں کی زندگیوں میں انقلابی تبدیلیاں لانا شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس ایمانداری کے ساتھ یہ نوجوان اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں گے اس کا ہندوستان کے ترقی یافتہ ملک بننے کے سفر پر انتہائی مثبت اثر پڑے گا۔ مسٹر مودی نے زور دے کر کہا کہ کسی بھی قوم کی ترقی اور کامیابی کی بنیاد اس کے نوجوان ہوتے ہیں، جب نوجوان ملک کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں تو وہ قوم تیزی سے ترقی کرتی ہے اور عالمی سطح پر اپنی شناخت قائم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا "ہندوستان کے نوجوان اپنی محنت اور اختراع کے ذریعے دنیا کے سامنے اپنی بے پناہ صلاحیت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ "انہوں نے کہا کہ حکومت ہر قدم پر

اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ ملک کے نوجوانوں کے لیے روزگار اور خود روزگار کے مواقع بڑھتے رہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اسکل انڈیا، اسٹارٹ اپ انڈیا اور ڈیجیٹل انڈیا جیسے اقدامات نوجوانوں کے لیے نئے مواقع پیدا کر رہے ہیں۔ ان مہمات کے ذریعے حکومت ہندوستان کے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے لیے ایک کھلا پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ان کوششوں کے نتیجے میں ہندوستان کے نوجوانوں نے اس دہائی میں ٹیکنالوجی، ڈیٹا اور اختراع کے میدان میں ملک کو ایک لیڈر بنا دیا ہے۔ او این ڈی سی، یو پی آئی اور جی ای ایم (گورنمنٹ ای۔ مارکیٹ پلیس) جیسے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی کامیابی کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا کہ ان کے ذریعے نوجوان ڈیجیٹل معیشت میں تبدیلی لانے والی تبدیلیوں کی قیادت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اب حقیقی وقت میں ڈیجیٹل لین دین میں دنیا کی قیادت کرتا ہے اور اس کامیابی کا ایک بڑا حصہ نوجوانوں کے سر ہے۔ "اس بجٹ میں اعلان کردہ مینوفیکچرنگ مشن کا مقصد 'میک ان انڈیا' پہل کو فروغ دینا اور ہندوستان کے نوجوانوں کو عالمی سطح پر معیاری مصنوعات بنانے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ وزیراعظم نے کہا اس اقدام سے نہ صرف ملک بھر میں لاکھوں ایم ایس ایم ای اور چھوٹے کاروباریوں کو مدد ملے گی، بلکہ ملک بھر میں روزگار کے نئے مواقع بھی کھلیں گے "۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہندوستان کے نوجوانوں کے لیے مواقع کا بے مثال وقت ہے۔ مسٹر مودی نے کہا کہ ممبئی جلد ہی ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹرٹینمنٹ سمٹ (ڈبلیو اے وی ای ایس) 2025 کی میزبانی کرے گا۔ نوجوان اس تقریب کا مرکز ہیں اور یہ سمٹ ان کے لیے میڈیا، گیمنگ اور انٹرٹینمنٹ میں جدت طرازی کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کا ایک بے مثال موقع فراہم کرتا ہے۔ "بھارت کی بیٹی (بھارت کی بیٹیاں) بڑھ رہی ہیں"۔ سول سروسز امتحان کے حال ہی میں اعلان کردہ نتائج کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کی جہاں سب سے اوپر دو پوزیشنیں خواتین نے حاصل کی ہیں، وہیں ٹاپ پانچ میں سے تین خواتین ہیں۔

اجتماعی تقریب کے دوران 49 میں سے 36 جوڑے نکلے نابالغ، انتظامیہ نے روکی شادی

اندور 26 اپریل: مدھیہ پردیش کے ضلع اندور کے دیپالپور تحصیل کے بھچوڑا گاؤں میں ایک اجتماعی شادی کی تقریب میں شمولیت کے لیے 49 جوڑوں نے اپنی شادی کی تیاری کی تھی، مگر جب انتظامیہ نے جوڑوں کی عمر کی جانچ کی تو پتہ چلا کہ 36 جوڑے نابالغ ہیں، جن کی شادی غیر قانونی تھی۔ یہ واقعہ 25 اپریل 2025 کو پیش آیا، جب خواتین واطفال کی بہبود کے محکمہ کے اڑن دستے نے کارروائی کرتے ہوئے نابالغ جوڑوں کی شادی کو روک دیا۔ ایف آئی آر کے مطابق، منتظمین نے 49 جوڑوں کی شادی کی تیاری کی تھی لیکن جب محکمہ کے افسران نے اس تقریب میں شامل جوڑوں کی دستاویزات کی جانچ کی تو 36 جوڑے غیر قانونی طور پر کم عمر کے نکلے۔ ان جوڑوں میں زیادہ تر لڑکیاں 16 سے 17 سال کی تھیں، جبکہ لڑکوں کی عمر بھی 21 سال سے کم تھی۔ افسران نے فوری طور پر اس معاملے کی حساسیت کو سمجھا اور کارروائی کرتے ہوئے ان جوڑوں کی شادی روک دی۔ یہ اقدام خواتین اور بچوں کے حقوق کو تحفظ دینے کے لیے بہت اہمیت کا حامل تھا۔ انتظامیہ نے ان جوڑوں کو آگاہ کیا کہ کم عمری کی شادی نہ صرف سماجی طور پر نقصان دہ ہے بلکہ یہ قانون کے بھی خلاف ہے۔ محکمہ کے اڑن دستے کے انچارج، مہندر پاٹھک نے بتایا کہ منتظمین اور والدین کو سخت وارننگ دی گئی کہ وہ آئندہ اس طرح کی غیر قانونی شادیوں کے انعقاد سے گریز کریں۔ انہوں نے کہا کہ اس قسم کی شادیوں کو روکنا حکومت کی ترجیح ہے اور اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ محکمہ نے 13 جوڑوں کی شادی کی اجازت دی کیونکہ ان کی عمریں قانونی معیار کے مطابق تھیں۔ شادی کے لیے لڑکیوں کی کم از کم عمر 18 سال اور لڑکوں کی 21 سال ہے اور اس سے کم عمر میں کی جانے والی شادی کو قانونی طور پر نابالغوں کی شادی قرار دیا جاتا ہے۔ نابالغوں کی شادی ہندوستانی قانون کے تحت ایک سنگین جرم ہے اور اس کے لیے نابالغوں کی شادی کی ممانعت کا قانون 2006 کے تحت دو سال تک کی سزائے قید یا ایک لاکھ روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکتی ہیں۔ یہ واقعہ نہ صرف انتظامیہ کی چاک و چوبند نگرانی کا ثبوت ہے بلکہ یہ حکومت کی پختہ عزم کی نشاندہی بھی کرتا ہے کہ وہ نابالغوں کی شادی کو روکنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گی۔

بہار: سی بی آئی چھاپے کے دوران ریلوے کے انجینئروں سمیت 4 گرفتار، کروڑوں کے سامان کی چوری کا الزام

بہار 26 اپریل: وسط مشرقی ریلوے کے مختلف ڈویژنوں میں انجینئرنگ محکمہ کے افسروں کے ذریعہ بڑے پیمانے پر لوہا چوری کر کے لاکھوں روپے کی ناجائز کمائی کرنے کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ سی بی آئی پٹنہ کی ٹیم نے اس معاملے میں دو الگ الگ جگہوں پر چھاپہ ماری کر کے 2 سینئر سیکشن انجینئر سمیت 4 کو گرفتار کر لیا ہے۔ اس میں سونپور ریل ڈویژن کے حاجی پور میں تعینات سینئر سیکشن انجینئر سنجے کمار اور پنڈت دین دیال اپادھیائے ریل ڈویژن کے ڈیہری اون سون میں تعینات سینئر سیکشن انجینئر راج کمار کو گرفتار کیا گیا ہے۔ وہاں کنسٹرکشن کا اسٹور ہے۔ چھاپہ ماری کے دوران ایک ٹرک لوہا بھی ضبط کیا گیا۔ بتایا جاتا ہے کہ جمعرات کو پوری رات سی بی آئی کی ٹیم جانچ میں لگی رہی۔ وہاں سے گارڈ ونود کمار کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ اس معاملے میں ریلوے سیکورٹی فورسز کی بھی لاپروائی سامنے آئی ہے۔ بغیر آر پی ایف سے حکم لیے ریلوے کا لوہا چوری چھپے فروخت کر کے ریل افسر کمائی کر رہے تھے۔ اطلاع کے مطابق سینئر سیکشن انجینئر نجی شخص کے کھاتے میں پیسے منگواتا تھا۔ اس کے بعد اپنے کھاتے میں منتقل کرا لیتا تھا۔ کئی بار نقد رقم لینے کے بھی ثبوت ملے ہیں۔ ڈیہری اون سون میں سی بی آئی کی ٹیم نے آدھی رات کو چھاپہ ماری کی اور سینئر سیکشن انجینئر کو گرفتار کر پٹنہ لے گئی۔ اس واقعہ سے جڑے دو ریٹائر سینئر سیکشن انجینئر پر بھی لوہا چوری کرنے کا الزام ہے۔ دونوں نے ایک کروڑ سے زیادہ کی کمائی کی ہے۔ ان کو نوٹس بھیج کر پوچھ تاچھ کی جائے گی۔ ریلوے کے مہندرو واقع محکمہ تعمیرات سے بھی چوری کے تار جڑے ہیں۔ سی بی آئی کی ٹیم وہاں بھی جلد جانچ کرے گی۔ اپریل 2024 میں سبکدوش سینئر سیکشن انجینئر انل سنگھ سے بھی پوچھ تاچھ ہوگی۔ وہ ابھی ہریانہ کے گڑگاؤں میں رہ رہے ہیں۔ اس کے ساتھ جنوری 2025 میں سبکدوش ہوئے سینئر سیکشن انجینئر چوبے اور ان کے ڈرائیور انو کمار سے بھی پوچھ تاچھ ہوگی۔ ڈرائیور کے اکاؤنٹ میں پیسہ لے کر انجینئر کے کھاتے میں منتقل کرنے کا الزام ہے۔ سینئر سیکشن انجینئر راج کمار کو ڈیہری اون سون سے گرفتار کرنے کے بعد سی بی آئی نے وہاں سے ایک ٹرک بھی ضبط کیا ہے۔ اس پر بہار، اتر پردیش دونوں کا نمبر ہے۔ ٹرک کی تصدیق کرائی جا رہی ہے۔

پہلگام واقعے پر غیر جانبدارانہ عالمی تحقیقات کیلئے تیار

پانی روکا تو طاقت سے جواب دینگے: شہباز شریف



اسلام آباد، 26 اپریل (یو این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کیخلاف فرنٹ لائن اسٹیٹ ہے، ہندوستان نے پہلگام واقعے کے بعد بے بنیاد اور بلاثبوت الزامات لگائے، پاکستان ایک ذمہ دار ریاست ہونے کے ناطے غیر جانبدارانہ عالمی تحقیقات کے لیے تیار ہے، تاہم دھمکیاں ناقابل قبول ہیں۔ ڈان نیوز کے مطابق پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں کیڈٹس کی پاسنگ آؤٹ کی تقریب سے بطور مہمان خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پاکستان کا پانی روکا گیا تو پوری قوت سے جواب دیں گے، پانی ہماری لائف لائن ہے، جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، کسی کو بھی غلط فہمی میں نہیں رہنا چاہیے، پاکستان کی مسلح افواج ہر قسم کی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 25 کروڑ پاکستانی عوام متحد اور اپنی مسلح افواج کے ساتھ کھڑے ہیں، پاکستان نے دہشت گردی کو ہمیشہ اور ہر شکل میں مسترد کیا ہے، اور اس کی مذمت کی ہے، پاکستان دنیا میں دہشت گردی سے متاثرہ سب سے بڑا متاثرہ ملک ہے، امن ہماری خواہش ہے، اسے کمزوری نہ سمجھا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمارے 90 ہزار شہری دہشت گردی میں اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے، پاکستان کی معیشت نے اربوں ڈالر کا نقصان اٹھایا ہے، دنیا میں دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثرہ ملک پاکستان ہے۔ تقریب میں وفاقی وزرا، غیر ملکی سفارتکاروں اور دیگر اعلیٰ حکام نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن کی حیثیت سے دنیا بھر میں امن وسلامتی کا خواہاں ہے، اور اس کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے گا، اور یو این چارٹر پر عمل کرنے کی اپنی ذمہ داری نبھاتا رہے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ افغانستان ہمارا پڑوسی اور برادر اسلامی ملک ہے، ہماری خواہش ہے کہ ان کے ساتھ پرامن بقائے باہمی کی بنیاد پر تعلقات ہوں، لیکن بدقسمتی سے افغانستان کی سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں ہورہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کابل کا دورہ کیا، اور باور کروایا کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ اچھے اور پرامن تعلقات چاہتا ہے، تاہم افغان سرزمین سے پاکستان میں حملے برداشت نہیں کیے جاسکتے۔

ٹرمپ انتظامیہ نے امیگریشن گرفتاریوں میں رکاوٹ ڈالنے کا الزام لگا کر جج کو گرفتار کرلیا

واشنگٹن، 26 اپریل (یو این آئی) امریکی حکام نے وسکونسن کی ایک جج کو گرفتار کرلیا ہے، اور ان پر الزام عائد کیا ہے کہ انہوں نے امیگریشن کے نفاذ کے حوالے سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ اور مقامی حکام کے درمیان بڑھتے ہوئے تنازع میں امیگریشن حکام سے بچنے کے لیے اپنی عدالت میں ایک شخص کی مدد کی تھی۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی 'رائٹرز' کے مطابق امریکی محکمہ انصاف نے مجرمانہ شکایت میں کہا کہ ملواکی کاؤنٹی سرکٹ جج ہنا ڈوگن نے امیگریشن ایجنٹوں کو روکا، جو 18 اپریل کو عدالتی وارنٹ کے بغیر اس شخص کو گرفتار کرنے عدالت کے باہر آئے تھے، اور جج نے اسے جیوری کے دروازے سے باہر نکلنے کی اجازت دے کر گرفتاری سے بچنے میں مدد کرنے کی کوشش کی تھی۔ ایجنٹوں نے ایڈورڈو فلورس روئز نامی شخص کو عدالت کے باہر سے اس وقت گرفتار کرلیا تھا، جب وہ اپنے وکیل کے ساتھ جارہا تھا۔ ریکارڈ سے پتہ چلتا ہے کہ گرفتار کی گئی جج ہنا ڈوگن ملواکی کی ایک وفاقی عدالت میں مختصر وقت کے لیے پیش ہوئیں، تاکہ سرکاری کارروائی میں رکاوٹ ڈالنے اور گرفتاری کو روکنے کے لیے ایک شخص کو چھپانے کے الزامات کا سامنا کرسکیں۔ انہیں رہا کردیا گیا تھا، اور وہ 15 مئی کو ایک پٹیشن داخل کرنے والی ہیں، ان کی پیشی کے دوران عدالت کے باہر ایک ہجوم جمع ہوگیا، جو نعرے لگا رہا تھا کہ 'جج کو رہا کرو'۔ ڈوگن بغیر کسی تبصرہ کے عدالت کے دروازے سے باہر نکل گئیں۔ ایک پبلسٹی فرم نے ان کی جانب سے کہا کہ 'جج ڈوگن بھرپور طریقے سے اپنا دفاع کریں گی اور انہیں بری کیے جانے کا انتظار ہے۔' ری پبلکن پارٹی سے تعلق رکھنے والے ٹرمپ نے جنوری میں عہدہ سنبھالنے کے بعد امیگریشن کریک ڈاؤن کا آغاز کیا تھا۔ محکمہ انصاف نے وفاقی پراسیکیوٹرز کو ہدایت کی تھی کہ وہ اس کوشش میں مداخلت کرنے والے مقامی حکام کے خلاف فوجداری مقدمات کی پیروی کریں، اس طرح کی مزاحمت ٹرمپ کے پہلے 2017-2021 کے دور اقتدار کے دوران وسیع پیمانے پر کی گئی تھی۔ اٹارنی جنرل پام بونڈی نے ایک بیان میں کہا کہ کسی بھی جج کو قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیوں میں رکاوٹ نہیں ڈالنی چاہیے۔ ٹرمپ انتظامیہ کی وفاقی ججوں کے ساتھ بڑھتی ہوئی محاذ آرائی جاری ہے، کیوں کہ بہت سے ججز نے ایسے فیصلے جاری کیے، جو امیگریشن اور دیگر معاملات میں صدارتی اختیارات کے جارحانہ استعمال کو محدود کرتے ہیں، ریاستی عدالتوں نے اس تنازع میں کم اہم کردار ادا کیا ہے۔ فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن (ایف بی آئی) کے ڈائریکٹر کاش پٹیل نے سوشل میڈیا پر کہا کہ ایجنٹوں نے فلورس روئز کی گرفتاری میں مداخلت کرنے پر جج ہنا ڈوگن کو گرفتار کیا تھا۔ بعد ازاں انہوں نے اس پوسٹ کو حذف کردیا، جو اس سے قبل کی گئی تھی، جب ڈوگن کے خلاف کیس کو رازداری کے قواعد کی ممکنہ خلاف ورزی کرتے ہوئے وفاقی عدالت میں سیل نہیں کیا گیا تھا۔ سینیٹ کی عدالتی کمیٹی میں سب سے سینئر ڈیموکریٹ سینیٹر ڈک ڈربن نے کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ 'ہمارے آئین کی حدود کی جانچ جاری رکھے ہوئے ہے' اور جب امیگریشن حکام فوجداری انصاف کے نظام میں 'مداخلت' کرتے ہیں تو یہ گواہوں اور متاثرین کو آگے آنے سے روکتا ہے۔ ڈربن نے اپنے بیان میں کہا کہ ایک جج کو گرفتار کرنے سے امریکا کیسے محفوظ ہوسکتا ہے؟۔

میانمار میں زلزلے سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 3763 ہوگئی

ینگون، 26 اپریل (یو این آئی) میانمار میں 7.9 شدت کے زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد جمعہ تک بڑھ کر 3,763 ہوگئی ہے۔ سرکاری روزنامہ میانمار الین نے کہا کہ زلزلے میں 5,107 افراد زخمی اور 110 لاپتہ ہیں۔

لیبیا کشتی حادثے میں جاں بحق 6 پاکستانیوں کی میتیں لاہور ایئرپورٹ پہنچ گئیں

لاہور، 26 اپریل (یو این آئی) لیبیا میں کشتی حادثے میں جاں بحق ہونے والے 6 پاکستانیوں کی میتیں لاہور ایئرپورٹ پہنچ گئیں۔ ڈان نیوز کے مطابق جاں بحق افراد میں سے 3 کا تعلق منڈی بہاالدین، 2 کا گوجرانوالہ اور ایک کا تعلق سیالکوٹ سے ہے۔ کشتی حادثے میں جاں بحق ہونے والے عبداللہ اور صائمہ نواز میاں بیوی تھے، جب کہ دیگر جاں بحق افراد میں سید علی حسین، آصف علی، زاہد محمود اور محمد وسیم شامل ہیں۔ اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (او پی ایف) کی ریجنل ہیڈ سیدہ صبا فاطمہ حسن، سید عادل شاہ ڈپٹی ڈائریکٹر او پی ایف اور رشید احمد ڈوگر ایئرپورٹ انچارج او پی ایف نے لاہور ایئرپوٹ کے کارگو ڈپارٹمنٹ سے میتیں وصول کرکے ورثا کے حوالے کیں۔ کشتی حادثہ 12 اور 13 اپریل کی درمیانی شب لیبیا کے مشرقی ساحل پر پیش آیا تھا۔

ایرانی جوہری پروگرام پر مذاکرات کا تیسرا دور آج عمان میں ہوگا

مسقط، 26 اپریل (یو این آئی) ایرانی جوہری پروگرام پر مذاکرات کا تیسرا دور آج عمان میں ہوگا، مذاکرات میں تکنیکی معاملات پر بات متوقع ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ایرانی جوہری پروگرام پر مذاکرات کا تیسرا دور آج عمان میں ہونے کا امکان ہے، اس سے پہلے مذاکرات کے دو دور روم اور مسقط میں ہوا تھا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کیساتھ ہائی لیول پر مذاکرات میں مثبت پیشرفت جاری ہے، ایران کا خیر خواہ ہوں، ایران کے اربوں ڈالر بچانے کی کوشش کر رہا ہوں، ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری کا مالی حجم بہت بڑا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے لئے مشکل ہوگا، ہم ایران کے ساتھ ڈیل کرنا چاہتے ہیں، جوہری اثاثے خطرناک عمل ہے۔

لندن پولیس کی برطانوی عازمین حج کو دھوکے بازوں سے چوکنا رہنے کی تنبیہ

لندن، 26 اپریل (یو این آئی) سٹی آف لندن پولیس اور ایکشن فراڈ نے برطانوی عازمینِ حج پر زور دیا ہے کہ وہ دھوکے بازوں سے چوکنا رہیں کیونکہ گزشتہ سال مجرموں نے عازمین کو 150,000 پاؤنڈ کا نقصان پہنچایا تھا۔ سٹی آف لندن پولیس کے کمانڈر عمر خان نے کہا ہے کہ حج سے متعلق دھوکا دہی کے اثرات تباہ کن ہوسکتے ہیں کیونکہ بہت سے لوگ اس روحانی سفر پر جانے کے لیے اپنی زندگی بھر کی جمع پونجی کا استعمال کرتے ہیں، اسی لیے یہ ضروری ہے کہ برطانوی عازمین، بشمول اس موسم گرما میں مکہ کا سفر کرنے والے افراد ان مجرموں سے چوکنا رہیں جو فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ عازمینِ حج بکنگ کے لیے صرف Nusuk کی آفیشل ویب سائٹ استعمال کریں، نقد رقم کے ذریعے ادائیگی کرنے سے گریز کریں کیونکہ یہ دھوکا دہی کی اہم علامت ہے اور اگر ہوسکے تو کریڈٹ کارڈ سے ادائیگی کریں۔ سٹی آف لندن پولیس کے کمانڈر عمر خان کا کہنا ہے کہ جو کوئی بھی حج فراڈ سے ماضی میں متاثر ہوا یا آنے والے وقت میں دھوکا دہی کا نشانہ بنے تو اسے ایکشن فراڈ کو اطلاع دینی چاہیے، ہمارے پاس جتنی زیادہ معلومات ہوں گی اتنے ہی بہتر طریقے سے ہم اس مسئلے پر قابو پاسکیں گے۔ ایکشن فراڈ کے اعداد وشمار سے پتہ چلتا ہے کہ 2024ء میں حج فراڈ کے سلسلے میں مجموعی طور پر 150,000 پاؤنڈ کے نقصانات کی اطلاع دی گئی تھی، بہت سے متاثرین کو اپنی جان بچانے کے لیے تباہ کن نقصان کا سامنا بھی کرنا پڑا تھا۔ انہوں نے مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ لین دین کی تمام رسیدیں اور دستاویزات اپنے پاس رکھیں اور نوسک ویب سائٹ پر بیان کردہ ادائیگی کے رہنما خطوط پر عمل کریں۔ عوام سے کہا گیا ہے کہ حج سے متعلق دھوکا دہی کے واقعات کی اطلاع دینے کے لیے ایکشن فراڈ سے آن لائن www.actionfraud.police.uk یا 2040 123 0300 پر ٹیلی فون کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسکاٹ لینڈ کے حجاج کرام اسکاٹ لینڈ پولیس سے 101 پر رابطہ کرکے رپورٹ کرسکتے ہیں۔

پوپ فرانسس کی آخری رسومات ویٹیکن سٹی میں کی گئی، دنیا بھر سے رہنما موجود

فرانس 26 اپریل: ویٹیکن سٹی میں کیتھولک چرچ کے روحانی پیشوا پوپ فرانسس کی آخری رسومات (26 اپریل) مقامی وقت کے مطابق صبح 10 بجے ادا کی گئی۔ اس موقع پر دنیا بھر سے سربراہان مملکت، اعلیٰ سطحی وفود اور روحانی شخصیات موجود رہیں گی جو پہلے ہی ویٹیکن پہنچ چکی ہیں۔ خیال رہے کہ پوپ فرانسس کا انتقال 21 اپریل کو 88 برس کی عمر میں ہوا تھا۔ وہ گردوں کی بیماری اور ڈبل نمونیا میں مبتلا تھے۔ آخری دنوں میں انہیں وینٹی لیٹر پر بھی رکھا گیا تھا۔ آخری رسومات ویٹیکن سٹی کے سینٹ پیٹرز اسکوائر میں ادا کی جائیں گی، اس دوران 130 سے زائد غیر ملکی وفود کی شرکت متوقع ہے۔ ویٹیکن کے مطابق 10 سربراہان مملکت اور 10 شاہی نمائندے اس موقع پر شریک ہوں گے۔ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ، فرانس کے صدر ایمانوئیل میکرون، برطانیہ کے پرنس ولیم، برازیل کے صدر لولا ڈی سلوا اور دیگر عالمی رہنما ویٹیکن پہنچ چکے ہیں۔ صدر دروپدی مرمو بھی ویٹیکن میں موجود ہیں۔ انہوں نے کل شام سینٹ پیٹرز بیسلیکا میں پوپ کو خراج عقیدت پیش کیا اور ان کی تابوت سیل کرنے کی تقریب میں بھی شرکت کی۔ صدر مرمو دو دن کے ویٹیکن دورے پر ہیں۔ ہندوستان میں آج قومی پرچم سرنگوں رہے گا، جبکہ مدھیہ پردیش حکومت نے دو دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔ پوپ فرانسس، جن کا اصل نام جارج ماریو برگولیو تھا، 2013 میں پوپ بنے۔ وہ لاطینی امریکہ سے منتخب ہونے والے پہلے پوپ تھے۔ ان کی قیادت میں کیتھولک چرچ نے کئی اصلاحات کیں، جن میں مذہبی رواداری اور سماجی انصاف کو نمایاں حیثیت دی گئی۔ پوپ کے آخری رسومات کی ادائیگی مذہبی روایات کے مطابق ہو گی۔ ان کے جسد خاکی کو خصوصی مذہبی لباس پہنایا گیا ہے۔ تدفین سے قبل ان کے سر کے نیچے مٹی اور سکے رکھے گئے ہیں۔ پوپ کو تین تابوتوں میں دفنایا جاتا ہے: پہلا صنوبر کی لکڑی کا، دوسرا سیسے کا اور تیسرا اوک کی لکڑی کا، جو باہر سے نظر آتا ہے۔ تدفین سینٹ پیٹرز بیسلیکا کے نیچے واقع غاروں میں ہو گی، جہاں سابق پاپا بھی دفن ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے پوپ کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کیا اور انہیں عاجزی، ہمدردی اور روحانی بصیرت کا پیکر قرار دیا۔

لاہور ہوائی اڈہ پر پاکستانی فوج کا طیارہ لینڈنگ کے وقت حادثہ کا شکار
آگ لگنے سے افراتفری کا ماحول، کئی پروازیں منسوخ

لاہور 26 اپریل: پاکستان کے لاہور واقع علامہ اقبال بین الاقوامی ہوائی اڈہ پر 26 اپریل کو آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا، جس نے وہاں افراتفری کا ماحول پیدا کر دیا۔ مشکل حالات کو دیکھتے ہوئے سبھی پروازوں کو روک دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا جارہا ہے کہ لاہور ایئرپورٹ پر پاکستانی فوج کا ایک طیارہ لینڈ کر رہا تھا، تبھی اس کے ایک ٹائر میں آگ لگ گئی۔ یہ حادثہ صبح تقریباً 10 بجے پیش آیا۔ آگ پر قابو پانے کے لیے فائر بریگیڈ کی گاڑیاں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور حالات کو سنبھالنے کی کوشش کی۔ حادثہ کی وجہ سے رَنوے کو عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے، جس سے طیاروں کے پرواز اور لینڈنگ میں رخنہ اندازی پیدا ہوگئی ہے۔ اس حادثہ کے بعد مسافروں کو کئی طرح کے مسائل کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ حالانکہ حادثہ میں کسی جانی نقصان کی خبر نہیں ہے۔ جائے وقوع کی جو ویڈیوز اور تصویریں سامنے آرہی ہیں، اس میں ایئرپورٹ پر دھواں دیکھا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ لوگوں میں افراتفری بھی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ اس سلسلے میں فی الحال کوئی جانکاری نہیں دی گئی ہے کہ ایئرپورٹ پر معمول کے مطابق پروازیں کب سے شروع ہوں گی۔ اس بے خبری کے سبب ہزاروں مسافروں کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق لاہور ہوائی اڈہ نے اعلان کیا ہے کہ فی الحال کوئی بھی فلائٹ پرواز نہیں بھرے گی اور جن پروازوں کو اترنا تھا، انھیں بھی اپنا راستہ بدلنے اور دوسری جگہ جانے کا حکم دیا گیا ہے۔ ابھی تک یہ بھی نہیں پتہ چل سکا ہے کہ طیارہ کے پہیے میں آگ کس طرح لگی۔ حادثہ کی تحقیقات شروع ہوگئی ہے اور امید کی جارہی ہے کہ آگ کی وجہ جلد سامنے آجائے گی۔

امریکی عدالت کے سامنے جھکی ٹرمپ حکومت غیر ملکی طلبا کا ویزا منسوخ کرنے کا فیصلہ واپس

امریکہ 26 اپریل: امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کو ایک بار پھر اپنے قدم پیچھے کھینچنے پڑے ہیں۔ دراصل امریکی عدالت کے آ؟ گے جھکتے ہوئے ٹرمپ حکومت نے غیر ملکی طلبا کا ویزا منسوخ کیے جانے کا اپنا فیصلہ واپس لے لیا ہے۔ اس طرح اب غیر ملکی طلبا کا ویزا منسوخ نہیں ہوگا۔ ایک سرکاری وکیل نے جمعہ کو اعلان کیا کہ امریکی امیگریشن اور کسٹمز انفورسمنٹ (آ؟ ئی سی ای) نے ملک بھر میں رہ رہے بین الاقوامی طلبا کی قانونی اجازت ختم کرنے کا اپنا فیصلہ واپس لے لیا ہے۔ ٹرمپ حکومت کی طرف سے وکیل نے اوکلینڈ کی ایک وفاقی عدالت کو بتایا کہ آئی سی ای ان طلبا کی قانونی اجازت کو مینوئلی بحال کر رہا ہے جن کے ریکارڈ حال ہی میں ختم کر دیے گئے تھے۔ معلوم ہو کہ اس سے پہلے ٹرمپ حکومت نے امریکہ میں 1000 سے زیادہ غیر ملکی طلبا کے ویزا پر روک لگا دی تھی۔ ٹرمپ کے اس فیصلے کے بعد سینکڑوں طلبا کے سامنے حراست میں لیے جانے اور ملک بدر کیے جانے کا خطرہ پیدا ہوگیا تھا۔ اس کے بعد کئی طلبا نے ٹرمپ حکومت کے خلاف مقدمہ دائر کیا تھا۔ طلبا نے دلیل دی تھی کہ حکومت نے ان سے امریکہ میں رہنے کی اجازت اچانک واپس لے لی ہے۔ طلبا کا کہنا تھا کہ انہیں ٹریفک کی خلاف ورزی جیسی معمولی وجوہات کے لیے بھی نشانہ بنایا گیا۔ طلبا کا الزام تھا کہ کچھ معاملوں میں انہیں بتایا بھی نہیں گیا کہ ان کا ویزا منسوخ کیوں کیا جارہا ہے۔ وہیں ٹرمپ حکومت نے ویزا منسوخ کیے جانے پر اپنی صفائی دیتے ہوئے کہا تھا کہ طلبا کے مجرمانہ ریکارڈ کو دیکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا تھا۔ ٹرمپ حکومت کے موجودہ فیصلے کو لے کر وکیل برائن گرین نے ایک بیان میں بتایا، ''آ؟ ئی سی ای ایک طریقہ ایجاد کر رہا ہے جس کے ذریعہ SEVIS ریکارڈ ختم کرنے کے لیے ایک خاکہ فراہم کرے گا۔ جب تک ایسی پالیسی جاری نہیں کی جاتی ہے تب تک اس معاملے میں طلبا کے SEVIS ریکارڈ فعال رہیں گے۔ اگر ریکارڈ فی الحال فعال نہیں ہیں تو انہیں پھر سے فعال کیا جائے گا۔'' اس سے پہلے امریکہ کی الگ الگ عدالتوں نے پہلے ہی غیر ملکی طلبا کے ریکارڈ کو بحال کرنے کے لیے عارضی حکم جاری کیا تھا۔ غور طلب ہے کہ دی اسٹوڈنٹ اینڈ ایکسچینج وزیٹر انفارمیشن سسٹم یعنی SEVIS امریکہ میں مینٹین کیا جانے والا ایک ڈیٹابیس ہے جو بین الاقوامی طلبا کے ویزا کے عمل کی نگرانی کرتا ہے۔ اسے نیشنل کرائم انفارمیشن سینٹر کے تحت ایف بی آ؟ ئی چلاتی ہے۔

☆☆☆

پشین میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 9 مبینہ حملہ آور ہلاک

پشین، 26 اپریل (یو این آئی) صوبہ بلوچستان کے ضلع پشین کے علاقہ خانی بابا میں سی ٹی ڈی نے کارروائی کرتے ہوئے 9 مبینہ حملہ آوروں کو ہلاک کردیا، ہلاک افراد شرپسندی کی مختلف کارروائیوں میں ملوث تھے۔ تفصیلات کے مطابق صوبہ بلوچستان کے ضلع پشین کے علاقہ خانی بابا میں سی ٹی ڈی نے خفیہ اطلاع پر آپریشن کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے میں 9 مبینہ حملہ آوروں کو ہلاک کردیا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ ہلاک حملہ آوروں کے قبضہ سے اسلحہ وگولہ بارود برآمد کرلی گئی، ہلاک حملہ اور شرپسندی کی مختلف کارروائیوں میں ملوث تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے سی ٹی ڈی کی کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ خفیہ معلومات پرمبنی آپریشن سے ایک بڑا سانحہ روکا گیا۔ سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خاتمے تک سرگرم رہیں گے، امن دشمنوں کے عزائم کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

سعودی عرب میں عازمین حج کے لیے نسک کارڈز کی تقسیم شروع

ریاض، 26 اپریل (یو این آئی) سعودی عرب میں وزارت حج وعمرہ نے رواں برس عازمین حج کے لیے نسک کارڈز کی تقسیم شروع کردی ہے، اب تک ایک لاکھ 50 ہزار کارڈز جاری کیے جاچکے ہیں۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق وزارت حج وعمرہ کی جانب سے نسک کارڈ انتہائی اعلیٰ معیار کے پرنٹنگ کمپنی میں تیار کیے جارہے ہیں جس میں بہترین سکیورٹی فیچرز کو شامل کیا گیا ہے۔ رواں برس کے لیے تیار کیے جانے والے نسک کارڈز کی خاص بات یہ ہے کہ گراؤنڈ پر موجود سکیورٹی اہلکار اس کی جانچ آسانی سے کرلیں گے۔ کارڈ میں عازم حج کی تمام معلومات موجود ہیں جن میں مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور مشاعر مقدسہ (منیٰ، عرفات اور مزدلفہ) کے ایڈریس اور کمپنی کے بارے میں مکمل معلومات واہم ٹیلی فون نمبر کو بھی شامل کیا گیا ہے تاکہ عازمین حج کو کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ بیرون مملکت سے آنے والے عازم حج کو ان کا کارڈ مملکت پہنچتے ہی دیا جاتا ہے جبکہ اندرون مملکت سے داخلی حجاج کے لیے کارڈز حج ایام شروع ہونے سے چند دن قبل دیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ سعودی عرب کے وزارت سیاحت نے ٹور آپریٹرز کو اہم ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ اندرون یا بیرون مملکت سے حج ویزے کے علاوہ کسی اور ویزے پر آنے والوں کے لیے یکم ذی القعدہ بمطابق 29 اپریل 2025 سے مکہ مکرمہ میں رہائش کی بکنگ نہ کی جائے۔ حج سیزن کا باقاعدہ آغاز 29 اپریل 2025 سے ہوگا، بیرون مملکت سے عازمین حج کی پہلی پرواز 29 اپریل کو مملکت میں داخل ہوگی، جس کے بعد یومیہ بنیادوں پر عازمین کی آمد کا سلسلہ شروع ہوجائے گا۔ وزارت سیاحت کی جانب سے ہدایت کی گئی ہے کہ ایسے غیر ملکی جن کے پاس 'مکہ پرمٹ' ہے یا حج ویزے پر آنے والے عازمین کے علاوہ کسی کے لیے بھی مکہ مکرمہ کے کسی ہوٹل میں ٹھہرنے کی بکنگ نہ کی جائے بصورت دیگر کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ خیال رہے سعودی عرب میں وزارت داخلہ کی جانب سے حج سیزن کے حوالے سے جاری ضوابط میں کہا گیا تھا کہ رواں برس حج کے ایام قریب آنے کے بعد اجازت نامے کے بغیر مکہ مکرمہ میں داخلے پر پابندی عائد کردی ہے، پرمٹ رکھنے والے افراد کے علاوہ کسی شخص کو مکہ مکرمہ نہیں جانے دیا جائے گا۔

ہندوستان اور پاکستان کسی نہ کسی طریقے سے معاملہ خود ہی سلجھالیں گے: ٹرمپ

واشنگٹن/نئی دہلی، 26 اپریل (یو این آئی) امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ہمیشہ سے بہت زیادہ تناؤ رہا ہے لیکن دونوں ملک اسے کسی نہ کسی طریقے سے سلجھالیں گے۔ جب روم جاتے ہوئے ایئرفورس ون پر نامہ نگاروں نے پہلگام دہشت گردانہ حملے پر ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشیدگی کے بارے میں سوال کیا تو امریکی صدر نے کہا ''میں ہندوستان کے بہت قریب ہوں اور میں پاکستان کے کافی قریب ہوں، جیسا کہ آپ جانتے ہیں، کشمیر میں ان کی لڑائی برسوں سے چلی آرہی ہے۔ انہوں نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کا ذکر کیا جس پاکستان سے منسلک دہشت گردوں نے 26 سیاحوں کو مار ڈالا تھا۔ سرحد پر بڑھتی کشیدگی کے بارے میں پوچھے جانے پر اور کیا وہ پریشان ہیں، امریکی صدر نے کہا'' ٹھیک ہے، اس سرحد پر 1500 سال سے تناؤ ہے، اس لیے سمجھیں، یہ ویسا ہی ہے جیسا پہلے تھا۔ وہ اسے کسی نہ کسی طریقے سے سلجھالیں گے، میں ان کے دونوں لیڈروں کو جانتا ہوں، پاکستان اور ہندوستان کے درمیان ہمیشہ سے بہت زیادہ تناؤ رہا ہے۔'' امریکی صدر کا یہ تبصرہ پہلگام دہشت گردانہ حملے پر جمعہ کو امریکی محکمہ خارجہ کے تبصرے کے بعد آیا ہے۔ صدر ٹرمپ اور سکریٹری روبیو نے واضح کیا ہے، امریکہ دہشت گردی کی تمام کارروائیوں کی سختی سے مذمت کرتے ہوئے ہندوستان کے ساتھ کھڑا ہے۔ محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹمی بروس نے کہا کہ ہم ہلاک ہونے والوں کی روح کے سکون اور زخمیوں کی صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں اور اس گھناؤنے فعل کے مرتکب افراد کو انصاف کے دائرے میں لانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔

اسرائیل کا حماس اور فلسطینیوں کو نشانہ بنانے کیلیے اے آئی کا استعمال

نیویارک، 26 اپریل (یو این آئی) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے اپنی رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ اسرائیل کی فوج غزہ میں مزاحمتی تنظیم حماس اور فلسطینیوں کو نشانہ بنانے کیلیے مصنوعی ذہانت (اے آئی) کا استعمال کر رہی ہے۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ میں شائع ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ اسرائیلی فوج نے حماس کے رہنماؤں کو نشانہ بنانے کیلیے اے آئی ٹیکنالوجی کا استعمال کیا ہے، جس میں ایک اے آئی انفیوزڈ آڈیو ٹول بھی شامل ہے، جس سے معلوم کیا جاسکتا ہے کہ فون کالز کہاں سے کی جارہی ہیں۔ نیویارک ٹائمز کی رپورٹ میں یہ دعویٰ امریکی اور اسرائیلی حکام نے شناخت ظاہر نہ کرتے ہوئے بتایا۔ اخباری رپورٹ میں اکتوبر 2023 میں ہونے والے ایک اسرائیلی فضائی حملے کا بھی ذکر شامل ہے جس میں آڈیو ٹول کا استعمال کرتے ہوئے اسرائیلی فوج نے حماس سنٹرل جبالیہ بٹالین کے اہم کمانڈر ابراہیم بیاری کو تلاش کرکے شہید کیا تھا۔ اے آئی آڈیو ٹول ایک دہائی قبل تیار کیا گیا تھا لیکن 2023 کے دوران اس میں جدت لگائی گئی۔ حملے میں اسرائیلی فوج نے مبینہ طور پر شمالی غزہ کے علاقے جبالیہ میں بے گھر فلسطینیوں کے کیمپ کے نیچے سرنگ میں ابراہیم بیاری کے فون کی سرگرمی کا پتا لگایا تھا۔ امریکی اور اسرائیلی حکام نے بتایا کہ حملے میں 100 سے زائد فلسطینی شہید ہوئے تھے، شہریوں کی ہلاکتوں پر تشویش کے علاوہ ایسی مثالیں بھی ہیں جن میں اسرائیلی فوج کی طرف سے جلد بازی میں تیار کردہ اے آئی ٹول اکتوبر 2023 سے غلط شناخت کی وجہ بنی۔

ضلع ترنمول دفتر میں 2026 اسمبلی الیکشن کی تیاریوں اور فرضی ووٹروں کو لیکر میٹنگ

آسنسول:26 اپریل،(عوامی نیوز سروس) 2026 میں بنگال اسمبلی کے انتخابات ہونگے اس ہونے والے الیکشن میں ابھی تقریباً ایک سال باقی ہے لیکن اس الیکشن سے پہلے ہی سیاسی سرگرمیاں شروع ہو چکی ہیا آئندہ انتخابات کو مد نظر رکھتے ہوئے سیاسی جماعتوں نے اپنی اپنی تیاریاں شروع کر دی ہیں اس کی تیاری میں آسنسول جی ٹی روڈ پر راہا لین موڑ سے متصل ترنمول کانگریس کے ضلع دفتر میں ایک میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جسمیں ریاستی وزیر پردیپ مجمدار، پنڈیشور کے ایم ایل اے اور ترنمول کانگریس مغربی بردوان کے ضلع صدر نریندر ناتھ چکرورتی، آسنسول کے میئر بدھان اپادھیائے، ریاستی ترنمول سکریٹری وی شیوداسن عرف داسو، ڈپٹی میئر اور آئی این ٹی ٹی یو سی کے ضلع صدر ابھیجیت گھٹک، میئر کونسل گرو داس عرف راکٹ چٹرجی، بورو چیئر مین اتپل سنگھا اور خواتین تنظیم کی ضلع صدر اور دیگر شامل تھے میٹنگ میں آئندہ اسمبلی انتخابات سے قبل بوتھ سطح پر پارٹی کو مضبوط کرنے کے طریقے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس سلسلے میں ضلع صدر نریندر ناتھ چکرورتی اور ریاستی سکریٹری وی شیوداسن عرف داسو نے بتایا کہ آج پارٹی دفتر میں آئندہ بنگال اسمبلی انتخابات پر تبادلہ خیال کیا گیا یہ دیکھا گیا ہے کہ بی جے پی نے ملک کی مختلف ریاستوں میں ووٹر لسٹوں میں فرضی ووٹروں کے نام ڈال کر انتخابات کو متاثر کیا۔ بنگال میں بھی ایسی ہی کوششیں جاری ہیں۔ لیکن بنگال میں پارٹی لیڈر ممتا بنرجی کے حکم پر ووٹ بچاؤ مہم شروع کر دی گئی ہے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آنے والے بنگال اسمبلی انتخابات پر فرضی ووٹروں کا اثر نہ پڑے، ترنمول کا ہر کارکن بوتھ کی سطح پر جعلی ووٹروں کو تلاش کرنے کی کوشش کر رہا ہیان کا یہ بھی کہنا تھا کہ اجلاس میں ووٹ بچاؤ مہم کے کام کا جائزہ لیا گیا بوتھ کی سطح پر نچلی سطح کے کارکنوں کی ایک ٹیم بنائی جا رہی ہے جو گھر گھر جا کر ووٹر لسٹ کا جائزہ لے گی۔ یہ جعلی ووٹروں کی بھی نشاندہی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان بوتھ لیول کے نچلی سطح کے کارکنوں کی نگرانی بلاک سطح پر ایک سپروائزر کرے گا۔ اس طرح ضلع کی سطح تک نچلی سطح کے کارکنوں کی ٹیم بنائی جائے گی۔ جو جعلی ووٹرز کی نشاندہی کا کام کرے گا ریاستی سکریٹری نے کہا کہ اس کام کے لیے تنظیم کا ہونا بہت ضروری ہے نچلی سطح پر ایک تنظیم ہے جس کے ذریعے وہ یہ کام کر سکتے ہیں تاہم یہ پوچھا گیا کہ مغربی بردوان ضلع میں کتنے فرضی ووٹروں کی شناخت ہوئی ہے؟ ضلعی صدر نے اس حوالے سے کوئی اعداد و شمار فراہم نہیں کیا انہوں نے کہا کہ ضلع میں جعلی ووٹروں کی تعداد کی اطلاع ریاستی سطح پر پارٹی قیادت کو دی جائے گی۔ بعدازاں وہاں سے ضلع وار جعلی ووٹروں کے اعداد و شمار شائع کیے جائیں گے۔

سلان پور میں ترنمول کی جانب سے پہلگام قتل کے خلاف خاموش جلوس

آسنسول:26 اپریل،(عوامی نیوز سروس): جموں وکشمیر کے پہلگام میں دہشت گردوں کے وحشیانہ حملے میں 26 بے گناہ سیاحوں کی موت سے پورے ملک میں غم وغصے کی لہر دوڑ گئی ہے اس وحشیانہ قتل کی مخالفت میں سلان پور بلاک ترنمول کانگریس نے مغربی بردوان ضلع کے بارہ بونی اسمبلی حلقہ کے سلان پور میں ایک خاموش جلوس اور یادگاری میٹنگ کا اہتمام کیا اڈنگا چوراہے سے لے کر ڈابر چوراہے تک نکالے گئے اس جلوس میں ترنمول لیڈروں اور کارکنوں نے شرکت کی ڈابر چوراہے پر ہونے والے اجلاس میں متاثرین کی یاد میں شمعیں روشن کی گئیں اور مجرموں کو سخت سے سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا گیا۔ اس میٹنگ میں سلان پور بلاک ترنمول کانگریس کے صدر محمد ارمان، شریک صدر بھولا سنگھ اور بہت سے دوسرے لوگ موجود تھے محمد ارمان نے اس قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پہلگام میں یہ وحشیانہ قتل کی ہم مذمت کرتے ہیں مجرموں کو فوری طور پر گرفتار کر کے سزائے موت دی جانی چاہیے انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ بی جے پی کے دور حکومت میں دہشت گردانہ حملوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے انہوں نے دعویٰ کیا، 2014 سے اب تک تقریباً 37 دہشت گرد حملے ہو چکے ہیں اور یہ سب بی جے پی کے دور حکومت میں ہوئے ہیں۔ محمد ارمان نے سوال اٹھایا کہ نوٹ بندی کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے دعویٰ کیا تھا کہ اس قدم سے دہشت گردوں کی کمر ٹوٹ گئی ہے اور دہشت گرد حملے دوبارہ نہیں ہوں گے۔ لیکن ہم حقیقت میں کیا دیکھتے ہیں؟ پہلگام جیسے واقعات بار بار کیوں ہو رہے ہیں؟۔ انہوں نے مرکزی حکومت پر کڑی نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ ہم بڑی باتوں کو جاری نہیں رکھ سکتے اس بار سخت کارروائی ہونی چاہید ہشت گردوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنانا ضروری ہے اس موقع پر موجود مقامی نچلی سطح کے رہنماؤں اور کارکنوں نے اس حملے کو ہندوستان کی جمہوری اقدار اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی پر حملہ قرار دیا جلوس اور میٹنگ میں شریک مقامی باشندوں نے بھی متاثرین کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا اور اس طرح کی دہشت گردانہ کارروائیوں کی شدید مذمت کی۔ واضح ہو کہ 22 اپریل کو مسلح عسکریت پسندوں نے پہلگاؤں کی وادی بسران میں سیاحوں پر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ اس حملے میں 26 افراد ہلاک اور 20 سے زائد زخمی ہوئے۔ ہندوستانی حکام نے اس واقعے کی شناخت ایک دہشت گردانہ حملے کے طور پر کی ہے اور پاکستان میں مقیم عسکریت پسند گروپ لشکر طیبہ (ایل ای ٹی) کو اس حملے سے منسلک کیا ہے۔ سلان پور میں یہ جلوس اور جلسہ صرف پہلگام قتل عام کے خلاف احتجاج نہیں ہے، بلکہ عسکریت پسندی کے خلاف متحدہ مزاحمت پیدا کرنے کی کوشش بھی ہے۔ ترنمول قیادت کے اس اقدام کو علاقے میں زبردست ردعمل ملا ہے اور اس نے عسکریت پسندوں کے حملوں کے بارے میں سیاسی حلقوں میں شدید بحث چھیڑ دی ہے۔

☆☆☆☆

ریت سے لدے ٹرک کی زد میں آکر آشا ورکر کی موت، لاش سڑک پر رکھ کر احتجاج

آسنسول:26 اپریل،(عوامی نیوز سروس): سنیچر کی صبح تقریباً 11:45 بجے ایک المناک حادثے میں انڈال کے بکتر نگر علاقے میں ریت سے بھرے ٹرک کی زد میں آکر 42 سالہ آشا کارکن کجالی سادھو کی موت ہوگئی یہ واقعہ بکتر نگر گیٹ کے قریب پیش آیا مدن پور پنچایت کے پلاشبن کی رہنے والی کجلی سادھو اپنے شوہر مانک سادھو اور بیٹے کے ساتھ اسکوٹر پر کام سے گھر واپس آرہی تھی مانک اسکوٹر چلا رہا تھا اسی دوران ایک ٹرک نے اسکوٹر کو ٹکر ماردی جس سے اسکوٹر الٹ گیا کجالی ٹرک کے پہیوں کے نیچے آکر شدید زخمی ہوگئی عینی شاہدین کے مطابق امبولینس نہ ہونے کی وجہ سے کجالی کو بروقت ہسپتال نہ پہنچایا جاسکا اور وہ موقع پر ہی دم توڑ گئی حادثے کے بعد مشتعل مقامی لوگوں نے لاش سڑک پر رکھ کر احتجاج کیا جس سے علاقے میں کشیدگی پھیل گئی اطلاع پر تھانہ انڈال پولیس نے موقع پر پہنچ کر حالات کو قابو میں کیا اور لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ پولس معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

رانی گنج NSB روڈ میں 26، 27 اور 28 اپریل کو ٹوٹو کی آمدورفت بند

آسنسول:26 اپریل،(عوامی نیوز سروس): کالے ہیرے کا قدیم شہر شمار ہونے والا رانی گنج کے NSB روڈ پر 26 اپریل 27 اپریل اور 28 اپریل بروز سنیچر، اتوار اور سمبار کو ٹوٹو نہیں چلے گا اسنسول درگاپور پولیس کمشنریٹ کے رانی گنج تھانہ کی جانب سے مائک کے زریعہ یہ اعلان کیا جارہا ہے کہ اسپات نگری درگاپور بیریج پر کام ہورہا ہے جسکی وجہ سے رانی گنج کے NSB روڈ سے مال بردار بھاری اور بڑی گاڑیوں کی گزر ہوگی کام کے مدنظر ان گاڑیوں کو رانیگنج کے راستے موڑ دیا جائیگا مذکورہ تاریخوں میں تین دنوں تک رانی گنج کے اسی راستے سے ہوکر گاڑیوں کی امدورفت ہوگی اسکے مدنظر سڑک پر کسی طرح کی رکاوٹ نا ہو این ایس بی روڈ پر ٹوٹو کی امدورفت پر پابندی لگادی گئی ہے۔

تقریباً چھ دہائیوں کے بعد درگاپور بیراج کی سڑک کی تزئین وآرائش کا کام شروع

آسنسول:26 اپریل،(عوامی نیوز سروس): تقریباً چھ دہائیوں بعد درگاپور بیراج کی سڑکوں کی مکمل تزئین وآرائش کی جارہی ہے اس سے پہلے متبادل سڑک بنائی گئی ہے۔ اس سڑک پر ٹرائل رن یا تجرباتی ٹریفک شروع ہوا اگر سب کچھ ٹھیک رہا تو کہا جارہا ہے کہ اگلے ہفتے سے کام شروع ہوجائے گا اس کام کو اگلے جون کے وسط تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے مجموعی طور پر خرچ تقریباً 1.25 کروڑ روپے ہوسکتا ہے ذرائع کے مطابق بیراج کے اوپر والی سڑک پر سات انچ کنکریٹ کو توڑا جائے گا اس کے بعد سڑک کا کام شروع ہو جائے گا نیا کنکریٹ بنایا جائے گا اور اس کے اوپر مستطیل سڑک بنائی جائے گی لوہے کے تمام جوڑ تبدیل کر کے نئے لگائے جائیں گے بیراج روڈ کی مرمت کا کام دو ماہ سے زائد جاری رہے گا اس لیے بدھو جودھا کی جانب سے بیراج سے پہلے پارک کے اطراف میں متبادل سڑک بنائی گئی ہے دامودر ندی کو عبور کرتے ہوئے درگاپور کی طرف جانے والی سڑک سیتارام پور مانا کی مرکزی سڑک تک پہنچے گی ندی کے دونوں کناروں پر ریت کی بالٹیوں اور ہیمس پائپوں کا استعمال کرتے ہوئے سڑک بنائی گئی ہے۔ دریا کے بیچوں بیچ کنکریٹ کے بلاکس لگائے گئے ہیں پولیس اور شہری رضا کاروں کو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تعینات کیا جائے گا کہ ندی کے اوپر کی متبادل سڑکوں اور بیراج کی سڑکوں پر ٹریفک جام نہ ہو۔ دریا کے دوسری طرف کنٹرول روم بنایا گیا ہے۔ پوری سڑک کی نگرانی کے لیے متعدد سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے گئے ہیں دامودر ندی کے اوپر بنی اس متبادل سڑک پر صرف چھوٹی کاریں، موٹر سائیکلیں، آٹو اور رکشہ چلیں گے بسیں اور ٹرک نہیں چلیں گے بیراج کے اوپر سڑک کی مرمت کے دوران ایک لین کھلی رہے گی بسیں، فائر بریگیڈ اور ایمبولینس اس لین سے گزریں گی۔ سامان لے جانے والے ٹرکوں کو رانی گنج کے راستے موڑ دیا جائے گا۔ بتایا جاتا ہے کہ آئندہ دو روز میں متبادل سڑک سے ٹریفک شروع ہو جائے گی اس سے پہلے بدھ کی رات شہر کے ایم ایل اے، پولیس اور پولیس افسران نے اس متبادل سڑک کا دورہ کیا پر ڈرائیورز بہت خوش ہیں کیونکہ اتنے سالوں بعد بیراج کی سڑک کو بہتر کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ سڑک کی حالت بہت خراب ہیاس کی مرمت کر کے سڑک کو ٹھیک کرنا پڑا سڑک کو بہتر کرنا پڑے گا۔

وارڈ 26 میں Believe Foundation کے بینر تلے بلڈ ڈونیشن اور ہیلتھ چیک اپ کیمپ، وزیر مولئے گھٹک کی شرکت

آسنسول:26 اپریل،(عوامی نیوز سروس): آسنسول شمال ریلپار بابو تالاب وارڈ 26 ایک گنجان ابادی والا علاقہ شمار ہوتا ہے اس علاقے میں عوامی فلاحی خدمات کے لئے ڈاکٹروں، ٹیچرس، بزنس مین، دانشوران کی ایک کامیاب تنظیم Believe Foundation کی تشکیل عمل میں ائی جب سے اس تنظیم قائم ہوئی ہے ہمیشہ فلاحی خدمات اور عوامی کاموں کو انجام دینے میں اپنی ایک منفرد شناخت بنائی اس تنظیم میں 30 مخیر ممبران کی رکنیت ہے صدر کے عہدے پر محمد صابر، سکریٹری کے عہدے پر اخلاق احمد ہیں تمام ممبران بہت ہی پرخلوص واخلاق کے ساتھ خدمات میں متحرک رہتے ہیں اج بھی اراکین پیش پیش سرگرم تھے اج اسنسول وارڈ 26 بابو تالاب میں واقع جے میرج ہال میں ایک شاندار پر وقار بلڈ ڈونیشن اور ہیلتھ چیک اپ کیمپ کا کامیاب انعقاد ہوا اس کیمپ میں بحیثیت مہمان خصوصی ریاستی وزیر قانون و وزیر محنت مولئے گھٹک، ڈپٹی میئر ابھیجیت گھٹک، الحاج ماسٹر شکیل احمد، شہر کے معروف سرجن ڈاکٹر روح الامین، ماہر معالج ڈاکٹر ابھیشیک منڈل، خون اندولن کے روح رواں پرویز دھر رونق افروز تھے علاوہ ازیں پچھم بردوان ضلع ترنمول اقلیتی سیل کے چیئر مین محفوظ الحسن مونو، وارڈ کے معروف رہنما افتخار نیر، محمد کمال، فریدہ ناز، ودیگر موجود تھے نقابت کے فرائض خالق ادیب نے بحسن وخوبی انجام دیا مہمانوں کے ہاتھوں خون عطیہ کرنے والوں کو سرٹیفیکیٹ پیش کیا گیا اس موقعے پر وزیر مولئے گھٹک نے کہا کہ خون عطیہ کیمپ لگانا اور خون عطیہ کرنا بہت بڑی خدمات ہے جو خون عطیہ کرتے ہیں انکی جتنی بھی پزیرائی کی جائے ستائش کی جائے وہ کم ہے خون عطیہ سے مریض کی جان بچتی مریض شفا پاتا ہے وقت پر خون دستیاب نہیں ہونے سے مریض کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے مولئے گھٹک نے کہا کہ گرمی کے موسم میں بلڈ بینک میں خون کے اسٹاک میں کمی اجاتی ہے گرمی میں کیمپ کم منعقد ہوتے ہیں بابو تالاب کی معروف تنظیم Believe Foundation کو بہت بہت مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ اس موقعے پر بلڈ ڈونیشن کیمپ منعقد کیا وزیر موصوف نے کہا کہ پہلے ایک ادمی کا خون ایک ہی ادمی کو دیا جاتا تھا مگر ممتا بنرجی وزیر اعلیٰ کا بہت شکریہ کہ انہوں نے 5 سال قبل ہی ایک مشین ضلع اسپتال کو دیا ہے جس سے ایک خون کو تین اقسام میں تبدیل کیا جاتا ہے اب ایک خون تین انسان کے بدن میں جاتا ہے جس طرح کا خون ڈاکٹر اپنے مریض کو لکھتے ہیں وہ بلڈ بینک میں دستیاب ہے خون انسانی جان کو بچاتی ہے مولئے گھٹک نے کہا کہ خون عطیہ بھید بھاو کو بھی مٹاتی ہے خون لینے والے کو یہ جانکاری ہی نہیں ہوتی ہے کہ کس مذہب کس زات کس زبان والے کا خون جسم میں ڈالا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ میں اپ تمام لوگوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انسانی خدمات کے لئے کیمپ منعقد ہوا مولئے گھٹک نے کہا کہ کیمپ کے سلسلے سے ہٹ کر میں ایک بات شیئر کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ پہلگام میں جو ہوا وہ کافی افسوس کی بات ہے اور اس کے علاوہ میں کہنا چاہتا ہوں کہ یہ شہر یہ ریاست امن وامان کا گہوارہ ہے ہملوگ ایک ساتھ رہتے ہیں خوشی غم دکھ سکھ میں شانہ بشانہ رہتے ہیں علاقے کو بہتر رکھنا ہے ہملوگ کل بھی ایک ساتھ تھے اج بھی ایک ساتھ ہیں اور انے والے دنوں میں بھی ایک ساتھ رہنا ہے بھائی چارے کے ساتھ رہنا ہے انہوں نے کہا کہ اپلوگ خوش رہے اپ کی فیملی سکھ شانتی سے رہے ترقی کرے پھولے پھلے میری نیک خواہشات ہے اداب سلام کے ساتھ اپنی تقریر ختم کی اس موقعے ہر ابھیجیت گھٹک، محفوظ الحسن ودیگر نے تاثرات پیش کئے محمد صابر صدر بلیلیھ فاونڈیشن نے بتایا کہ گرمی کے باوجود 23 یونٹ خون عطیہ ہوئے اور سینکڑوں لوگوں نے ہیلتھ چیک اپ کرایا منتظمین نے اپنے مہمانان، خون عطیہ کرنے والوں اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆

آسنسول ضلع اسپتال میں چوری کے واقعات سے حفاظتی انتظامات پر سوالات

